# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Wenesday, June 09, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty eight minutes past five in the evening with Mr. Presiding Officer (Mr. Bashir Ahmed Matta) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

وعد اللّٰہ الّذین اٰمنوا منکم وعملوا الصّٰلحٰت لیستخلفنّھم فی الارض
کما استخلف الّذین من قبلھم و لیمکننّ لھم دینھم الّذی ارتضٰی لھم و لیبدّ لنّھم مّن
بعد خوفھم امناً-یعبدوننی لا یشرکون بی شیئًا- ومن کفر بعد ذٰلک فاولٰئکھم
الفٰسقونo

ترجمہ: جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا کا وعدہ ہے کہ ان کو ملک کا حاکم بنا دے گا جیسا ان سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا اور ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے مستحکم و پائیدار کرے گا اور خوف کے بعد ان کو امن بخشے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے۔ اور جو اس کے بعد کفر کرے تو ایسے لوگ بد کردار ہیں۔

## LEAVE of ABSENCE

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جزاک اللہ، جناب ایم ظفر نے بعض ناگزیر وجوہات کی بناء پر

مورخہ ۸ اور ۹ جون کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Presiding Officer: Now, we have before us today an adjournment motion moved by Senator Habib Jalib Baloch Sahib. So, if you want to move your adjournment motion, please.

Mr. Habib Jalib Baloch: Thank you, Mr. Chairman.

Dr. Jamiluddin Aali: Mr. Chairman, sir,

میں آپ کی توجہ quorum کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Please ring the bells.

(The bells were rung)

Mr. Presiding Officer: The House is in quorum. Therefore, I call upon the honourable Senator Habib Jalib to proceed with his adjournment motion.

میاں محمد یسین خان وٹو۔ جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو Sindh situation کے بارے میں میں تھوڑی سی گزارش کروں۔

Mr. Presiding Officer: No, no that will come, we will have a discussion on that, and that discussion is yet to complete. First we will take up this adjournment motion, after that we will take some more business.

اس کے بعد پھر دیکھ لیں گے۔ رضا ربانی صاحب ہمارے جو صبح فیصلے ہوئے آپ وہاں موجود تھے۔ should we not proceed according to them.

Mian Raza Rabbani: Sir, I want to bring to your notice that as for as the Sindh debate of the cyclone is concerned that is completed. So, honourable Senator Jalib's adjournment motion on "Forbes",can be taken up after this.

**Mr. Presiding Officer:** This is not dead, this is another one, this is another matter.

**Mian Raza Rabbani:** Right sir.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب Sindh situation پر----

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** وہ تو جب اس discussion پر آئیں گے۔ ڈاکٹر صاحب ابھی تو وہ

yet discussion is still pending. Now we have to proceed according to the order of the day.

جی حبیب جالب صاحب آپ اپنی motion move کریں۔

ADJOURNMENT MOTON

RE; PMDC EXPELS 139 EMPLOYEES FROM DEGARI, SURANJ AND MACHCH BALUCHISTAN COAL MINES.

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** شکریہ جناب چیئرمین! جو میں نے adjournment motion دی ہے آپ جانتے ہیں کہ بلوچستان میں ڈیگاری، سورنج اور مچھ یہ وہ علاقے ہیں جہاں سے کافی کوئلہ نکلتا ہے اور پاکستان کے تھرمل پاور کو بھی مختلف اوقات میں یہ کوئلہ فراہم ہوتا رہا ہے۔ ان علاقوں میں PMDC ہے یعنی Pakistan Mineral Development Corporation، اس میں 139 ملازمین کو اس ڈیگاری پراجیکٹ سے نکال دیا گیا ہے۔ یہ مستقل ملازمین تھے انہوں نے کافی قربانیاں دیں، ہر ایک نے تقریباً 25, 20 سال تک یہاں سروس کی ہے۔ بغیر پوچھے، بغیر ادائیگی کے، بغیر گولڈن ہینڈ شیک کے ان سب کو یک جنبش قلم نکال دیا گیا ہے اس پر plea یہ ہے کہ PMDC کا دیوالیہ ہو رہا ہے۔ اگر یہ دیوالیہ ہے تو ان کے ذمہ دار officers بھی ہیں ان کو کیوں نہیں نکالا گیا ہے۔ ہم ان کی بحالی کی بات کر رہے ہیں۔ اس پر وزیر موصوف inquire کریں اور ان لوگوں کی بحالی کے احکامات جاری کریں۔

**Mr. Presiding Officer:** Minister for Parliamentary Affairs.

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب اس سلسلہ میں ان کی کمیٹی متعلقہ جو ہے وہ کوئٹہ جا رہی

ہے اگر آپ اجازت دیں تو راجہ اورنگ زیب صاحب اس کے متعلق کچھ معلومات دے دیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ وہ کس capacity میں اس کے بارے میں جواب دیں گے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ ان کی کمیٹی اسی مسئلے کے بارے میں کوئٹہ جاری ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اچھا'

so this is under consideration of this Committee, let him speak some positive

اس کے بعد Committee, let him speak some positive things on the floor of the House اگر کوئی چیز رہ گئی تو آپ کہیں جی کیا کہتے ہیں۔

راجہ اورنگ زیب۔ جناب اس سلسلے میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدائے نور صاحب کی سربراہی میں ایک Sub- Committee مقرر کی گئی ہے جو اس ضمن میں کام کر رہی ہے کہ یہ آدمی شارگ 'ڈگاری اور دوسری جگہ سے نکالے گئے ہیں ان کو کس وجہ سے نکالا گیا ہے۔ اور کیا وہ کوئی disable لوگ تھے جیسا کہ انہوں نے ہمیں بتایا کہ وہ disable لوگ ہیں ہم نے ان کو نکالا ہے۔ ہم نے کہا ہم ان کو physically دیکھیں گے اور پھر اس کے بعد بتائیں گے کہ واقعی آپ کا یہ action درست ہے یا نہیں ہے اس کے لئے ہماری میٹنگ 14,15,16 جون کو ہو رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ تو یہ vet کریں گے ان کے decision کو یہ تو پارلیمنٹ کی کمیٹی ہے تو میرا خیال ہے They will take care of this matter کہ انہوں نے جائز کیا ہے یا ناجائز کیا ہے۔ اچھا now, before we proceed any further کچھ اگر ضروری چیزیں ہیں

but I would just request the honourable member that because we have two discussions on our hands, one is about the Sindh, which is pending, and we also want to take up if we can, the important question of Forbes contract with regard to the fishery rights in the coastal areas of Balochistan. We can do that only if we are brief.

POINT OF ORDER

## RE: EXPULSION FROM THE GOVERNMENT SERVICE OF THREE DOCTORS

Syed Masood Kausar: Sir, I am always very short and very brief. I said, with your permission, sir, I raised a point of order regarding the dismissal of three office bearers of Pakistan Doctors' Association in Frontier Province. These three gentlemen have been dismissed from their services for the reasons that they were the office bearer of the Association and they were agitating against the wrong policies of the Government regarding the privatization of hospitals, and we believe that in the province like Frontier, the government is putting on auction of everything they are running the State like a shop, not like a welfare State, and therefore, they were only representing the feelings of the people. So dismissing thedoctors and particularly, the representatives of the Doctors' Association. Today , sir, you must have read that even the Punjab Doctors' Association has also taken up this issue with the provincial government and this is going to be an issue which will affect not only the people in Frontier alone but in the whole country, and I would say that this is not a matter only confined to one province, it is a matter which should be taken on Pakistan level and I hope that the Federal Government will put all the pressure on the Health Department to reinstate these gentlemen and negotiate whatever problem they have, amicably. Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Mr. Zahid Khan, is your point of order connected with this one?

Mr. Muhammad Zahid Khan: No, sir

Mr. Presiding Officer: .So, let him reply first to this.

Mr. Muhammad Zahid Khan: O.K., sir.

Mr. Presiding Officer: Please, have you any observation on this? Because I think, this is the third time that this gentleman is raising this question.

Mian Abdul Sattar Lalika: Under what rule sir?

Mr.Presiding Officer: This has been raised.....

Mr.Abdul Sattar Lalika: Is it an adjournment motion?.

Mr.Presiding Officer: No, this is a point of order, listen to me,

*( interruption)*

Mr. Presiding Officer: I would, very respectfully reply to the honourable Minister that this question was raised, this is the third time, and the honourable Minister for Parliamentary Affairs was present here, and he was promised that after making due inquiry, statement from the Government side will be made. And this is a portfolio which belongs not to the Agriculture Minister but to the Minister for Health.... [*************]

میاں محمد یسین خان وٹو۔ جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ ہم یہ objection آج کے لئے واپس لیتے ہیں لیکن اس میں دو صورتیں ہیں۔ ہمارے ہاں اس وقت یہ چیز چل رہی ہے کہ point of order پر بات ہوتی رہتی ہے ۔ یہ technically رولز کے مطابق نہیں ہے ۔اسی وجہ سے آج چیئرمین صاحب نے میٹنگ بلائی تھی، میں وہاں حاضر نہیں ہو سکا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ہاں آپ وہاں نہیں تھے۔

میاں محمد یسین خان وٹو۔ جناب technically یہ بات درست نہیں ہے لیکن practically اس ایوان میں یہ ہوتا ہے اور ہو رہا ہے ۔ چیئرمین صاحب نے بھی محسوس کیا ہے کہ technically یہ رولز کے مطابق نہیں ہے کہ point of order پر جو بات بھی کوئی چاہے وہ اٹھائے۔ آج

---

XXXXXXXX(*Expunged by the orders of the Chair*)

اسی لئے اس مسئلے کو زیر غور لایا گیا ہے تاکہ رولز میں اس سلسلے میں کوئی گنجائش نکالی جائے۔ مجھے یہ پتا نہیں ہے کہ آج کی meetingمیں کیا فیصلہ ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ میں آپ سے ایک بات عرض کروں کہ xxxxxx

**Mr. Presiding Officer:** No, I don't give you the floor. He is on his leg and you can not just butt in like that , you must seek the permission and when it is granted then you will speak, not like this. Mian Sahib is on his legs.

The second thing that I want to tell you is that before you come into the House , you must know what transpires today. You were not there and therefore, you don't know what happened in that meeting. You should have been there and since you were not there and I was there, therefore, I know what happened and I am going exactly to those issues. Since we have no other business. We have an hour for points of order and we had a formal meeting in which you were absent and you did not even bother to put yourself in the picture, what happened there. So, this is not my fault.

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب دیکھیں! میں نے چیئرمین صاحب کو ٹیلیفون کر کے ان سے اجازت لی تھی کہ میں meeting میں نہیں آ سکتا۔ جناب! اس ایوان میں چیئرمین صاحب point of order پر ہر مسئلے کو اٹھانے کی اجازت دیتے ہیں اور خود چیئرمین صاحب نے یہ محسوس کیا اور ہم نے بھی اعتراض کیا کہ یہ رولز کے مطابق نہیں ہے جس کے لئے آج انہوں نے meeting بلائی تھی ۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے باوجود کہ میں وہاں حاضر نہیں تھا ٗ میں نے چیئرمین صاحب سے اجازت لی کہ میں حاضر نہیں ہو سکوں گا لیکن آپ چیئرمین صاحب سے رابطہ کر کے ٗ آپ اس meeting میں تھے ٗ پھر اس کے بارے میں کیا فیصلہ ہوا ہے ٗ کیا کرنا ہے لیکن جو فیصلہ ہوا ہے اس کے مطابق ہو گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جب تک آپ کو پتا نہیں ہو گا what will we do ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میری عرض تو سن لیں۔ میں نے یہ عرض کیا کہ میں یہ

---

XXXXXXXX(*Expunged by the orders of the Chair*)

اعتراض نہیں کرتا technical ۔ میں ان کی بات کا جواب دیتا ہوں کہ یہ وہی مسئلہ ہے جس کے بارے میں ہاشمی صاحب کل بھی آئے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ میں کل جواب دوں گا۔ ہاشمی صاحب نے مجھے کل ہی فرمایا تھا۔ کہ کل یعنی آج اس بات کا جواب دوں گا معزز ایوان میں۔ وہ ابھی تک نہیں آئے، میں ان سے رابطہ کرتا ہوں کہ وہ آجائیں، اذان کے بعد انشاء اللہ اس بات کا جواب دیں گے۔

Mr. Presiding Officer: Yes, Syed Aaqil Shah Sahib.

**سید عاقل شاہ:** جناب! آپ نے دیکھا ہوگا کہ یہ پہلی دفعہ نہیں ہے کہ لالیکا صاحب ایسا کر رہے ہیں۔ He gets rash for just nothing. It has become a habit with him.

*(interruption)*

**سید عاقل شاہ:** جناب میں آپ کو بتاتا ہوں۔

Sir, who has got this floor? I have got the floor.

*(interruption)*

**سید عاقل شاہ:** ہاں تو میں پھر کہہ دیتا ہوں۔ یہ کیا بات ہوئی۔

*(interruption)*

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, may I have the floor?

Mr. Presiding Officer: I expunge all the things that he (Mr. Laleka) said in emotions and I over rule them and they were un-parliamentary. His behaviour is un-parliamentary and I ask the Leader of the House, who has just now entered, his remarks are un-parliamentary.

*(interruption)*

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, this is no way for a Minister to misbehave with the Chair.

*(interruption)*

**Mian Raza Rabbani:** Sir, this is no way. This House will not tolerate an outsider coming from the lower House and treating this House with this attitude......

**Mr. Presiding Officer:** This is not a stall, this is not a horse stall. This is the Senate House.

*(interruption)*

**میاں رضا ربانی:** جناب چیئرمین! یہ رویہ صرف لالیکا صاحب کا نہیں ہے۔ اگر آپ پچھلے چند دنوں سے دیکھیں تو پوری Government benches اور بالخصوص وزراء کا رویہ سینٹ کی طرف جارہانہ رہا ہے اور آپ کو اس رویے کو ایک تسلسل میں دیکھنا ہے۔ یہ رویہ آپ کو اس تسلسل میں دیکھنا ہے کہ آج سینٹ میں چیئر کی بے عزتی کی گئی ہے، جس طرح آج سینٹ میں چیئر کو ridicule کیا گیا ہے اور جس طرح آج ایک وزیر نے سینٹ کے تقدس کو پامال کیا ہے۔ یہ اس حکومت کا سلسلہ ہے اور اس کی جڑیں وہاں سے شروع ہوتی ہیں جہاں اس ملک کا وزیر اعظم یہ کہتا ہے کہ سینیٹرز کا گھیراؤ کرو۔ اور سینٹ کو ختم کرو تو پھر آپ کیا expect کرتے ہیں۔

جناب سینٹ کے ساتھ اس حکومت کا کیا رویہ رہا ہے؟ وزراء اس بات کو گوارا نہیں کرتے کہ سینٹ میں آئیں اور Question Hour میں وہ یہاں پر موجود ہوں۔ سینیٹرز کو assurances پر جواب دینے کے لئے وہ تیار نہیں ہوتے۔ جناب چیئرمین! آج جان بوجھ کر سینٹ کو بائی پاس کیا گیا اور آٹھ بل واپس نیشنل اسمبلی میں بھیجے گئے اور پھر وہاں پر Resolution پاس کی گئی۔ آج ایک بار پھر سینٹ کو بائی پاس کیا گیا اور پاکستان ریونیو اتھارٹی کے بل کو منی بل بنا کر نیشنل اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** No, we need to finish it.

**میاں رضا ربانی:** جناب مسئلہ یہ ہے کہ سینٹ کو اس طرح نہیں treat کیا جاسکتا۔ ہم بات بالکل واضح کرتے ہیں------

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** باقی چیزوں کو چھوڑیں، پہلے اس کو کرتے ہیں۔

Please, let us listen to the Leader of the House. The Honourable Leader of the

House is here. Sir, I must put you in the picture and I must tell you from this Chair with all the sense of responsibilty that I have that in the presence of your two ministers Lalika shaib was a little too much charged and I think this is not the way because the Chair.....

*(interruption)*

Mr. Presiding Officer : You please listen to me, so the thing is that you see I sit here in this Chair because the Chairman has nominated me, and you were present there when he did it. And whenever I sit in this Chair I am always impartial. But in the same time it is my duty to lookafter the dignity and honour of this Chair and I think that the minister who is not present here, he happens to be a Member of the National Assembly and I do not think that he will ever dare to use such attitude towards the Speaker in that House.

*(interruption)*

Mr. Presiding Officer : No please sit down. You do not have the House. Don't talk when the Chair talks. So now it is up to you. You are the Leader of the House and it devolves on you to take care of the dignity of the Senate. Because if anybody, sitting there can abuse the Chair any time, is it not a show of disregard to the Chair?

Mr. Abdul Sattar Lalika : Mr. Aqil Shah has abused me.

Mr. Presiding Officer : No, I know I am witnessing everything and I have heard to. You raised your vioce first and you said under what rules. So, it was my prerogative.

*(interruption)*

Mr. Presiding Officer : Please sit down look at him, so, now I put it

you sir, that this is first and foremost the responsibility of the Government to keep the House cool . It is in the interest of the Government to keep the House running smoothly and not the Opposition. So, if the Government itself has such fire in its own ranks it will be very difficult and I think it will not be apt to the diginity of this House and this is a House of the Parliament of Pakistan. So, now it is your responsibility and I think Watto sahib will brief you and what happens here and even Ch. Shaib was here and I think he was a bit too angery. Therefore, he dose not realise what he has said. But as far as the Chair is concerned, it is respected not because of a person but because of its constitutional and legal status. I sit here just because I was requested. I have no desire to sit in this Chair. I would even add that even if you some day offer it to me I might refuse to sit in this Chair permanently. But since the Chairman has in all sincerety requested me to Chair it, therefor and I did not ask anybody to put my name on this list, I am not interested, I have many matters to discuss in the House. But then for a Miniter who is a guest in this House and to come here and to impose himself to such a degree on the Chair , according to my ruling it was unparliamentary. Now You may speak.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, may I say initially that whosoever is occupying this Chair represents the prestige of the House. Every Member whether he belongs to this House or he belongs to the other House. When we are here, to give utmost respect to the Chair because without that the proceedings of the House can not proceed properly . Whether it was started by one side or the other it is most unfortunate and I think now that the tempers have cooled off. You will let go bygones and I would request you to kindly proceed because you are presiding over this session of this House. We have a lot of respect for you and no question of anybody saying somebody is partial or he is not

conducting it properly and judiciously. We have total and complete respect for the Chair. Whosoever is sitting here specially when you are presiding over the session we should show respect to you and I would request you to proceed with the agenda of the day and let it be bygones.

Mr. Presiding Officer: Minister for Health.

**مخدوم محمد جاوید ہاشمی،** شکریہ جناب چیئرمین! میں ابھی ہاؤس میں نہیں تھا۔ میرا یہ impression تھا کہ ابھی question hour ہو گا اور اس کے بعد میں یہاں پر آ کے جواب دوں گا۔ لیکن شاید یہاں پر proceedings میں question hour آج نہیں رکھا گیا۔ اس لئے میں کچھ دیر سے آیا ہوں۔ اس کے لئے میں آپ سے معذرت چاہتا ہوں۔ یہاں پر question اٹھایا گیا تھا regarding doctors of NWFP کہ ان کے against وہاں پر کوئی action ہوا ہے۔ میں نے وہاں سے ساری معلومات منگوائی ہیں۔ جو مجھے provincial government نے بھیجی ہیں۔ کیونکہ یہ provincial issue ہے اور اس میں این ڈبلیو ایف پی کی اسمبلی میں پہلے سے یہ مسئلہ under discussion ہے۔ کل بھی وہاں اس پر بات ہوئی ہے۔ آج کا مجھے exact پتہ نہیں ہے۔ جناب اس میں دو ڈاکٹر صاحبان کے بارے میں یہ کہا گیا ہے اور ان کے بارے میں issue raise کیا گیا تھا that they were sent to jail یہاں کہا گیا تھا کہ شاید کچھ ڈاکٹروں کو جیل بھیجا گیا ہے۔ ہمیں جو انہوں نے اطلاع دی ہے وہ یہ ہے کہ کسی ڈاکٹر کو جیل میں نہیں بھیجا گیا۔

نمبر دو۔ انہوں نے جو مجھے اطلاع فراہم کی ہے وہ میں آپ کے سامنے پڑھ رہا ہوں اور وہ provincial government کی responsibility کے ساتھ آئی ہے۔ میں اس وقت آپ کی معلومات کو challenge نہیں کر رہا قطعاً۔ انہوں نے جو اس میں ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ ان ڈاکٹر صاحبان نے کوئی مہم چلائی تھی کہ Government of NWFP privatise کر رہی ہے تمام hospitals کو۔ اس کے بارے میں ان دو ڈاکٹر صاحبان سمیت کچھ ڈاکٹروں نے مختلف جگہوں پر جا کر فرنٹیئر کے اخبارات کو کچھ بیانات دیئے۔ ان اخبارات کی cuttings بھی انہوں نے ساتھ بھیجی ہیں کہ کیا کیا statements ڈاکٹر صاحبان نے دی ہیں۔ اس وجہ سے ان کو show cause notice دیا گیا۔ اس کے بعد پہلی stage پر کوئی پانچ چھ مہینے پہلے وہ کہیں جیل میں گئے تھے یا نہیں۔ شاید بھیجے بھی گئے تھے۔ recent occurrence کے بارے میں جو

ذ کر کیا گیا ہے۔ اس میں صرف یہی کہا گیا ہے کہ ان کو show cause notices دیئے گئے اور انہیں کہا گیا کہ اس کا جواب دیں۔ لیکن انہوں نے جواب نہیں دیا۔ جب strike کی گئی تو اس میں انہوں نے emergency cases کو بھی attend نہیں کیا۔ جو never in the history of this country ہوا اور کہیں اور بھی کہ emergency cases کو ڈاکٹر ضرور attend کرتے ہیں۔لیکن اس strike میں انہوں نے emergency cases کو بھی attend کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اس پر انہیں show cause notice دیا گیا۔ جس کا انہوں نے جواب تک نہیں دیا۔ اس کے بعد ان میں سے ایک کا تبادلہ ڈیرہ کیا گیا' دوسرے کا ایبٹ آباد کیا گیا اور ابھی بھی انہیں یہ کہا گیا ہے کہ وہ اس کے against appeal کر سکتے ہیں اور یہ مسئلہ Frontier Assembly کے اندر under discussion بھی ہے۔ یہ میری اطلاعات ہیں۔

**Mr. Presiding Officer:** That is fine, thank you. Mr. Zahid Khan.

**جناب محمد زاہد خان:** چیئرمین صاحب! میں نے پہلے session میں ایک point raise کیا تھا کہ۔

**Mr. Presiding Officer:** So first of all

ایسے کرتے ہیں

Are you satisfied with what the honourable Leader of the House said about the matter? Because, I thought that you are expressing your opinion on what happened here right a little ago. So we must first determine whether we should proceed to with this meeting or not? Because as for as I am concerned in all coolness and with all circumspection, it is not that I am saying something emotionally, you know Mr. Leader of the House that I belong to the ANP and I raise many strong and important questions on the floor of the House but when the Chair has ever asked me to sit I obeyed the Chair , but when I asked Mr. Laleka to sit down, he in fact went to the extent he could. He could not cross the floor and does not do any thing else and he is in no position to do anything else.

**Mian Abdul Sattar Laleka:** Sir, I did not want to do anything. Mr

Aqil Shah has abused me. Not a word has been said against you Sir,

**Mr. Presiding Officer:** So, I think I was really offended by the behaviour and I could never expect it, not even from an ordinary member. So, I would say that unless he tenders an apology to me that is the dignity of this House , this will not proceed, it will not go a single step further, not at all.

**Mian Abdul Sattar Laleka:** I apologize from the Chair. But I would seek the attention of Mr. Ajmal Khatak that how Mr. Aqil Shah has abused me and insulted me on the floor of the House?

مجھے abuse کیا ہے اور کہا ہے کہ باہر دنگل میں آ۔ میں اس کا فیصلہ آپ پر چھوڑتا ہوں کہ عبدالحئی بلوچ صاحب یہ کہہ دیں کہ عاقل شاہ نے مجھے abuse نہیں کیا۔

**Mr. Presiding Officer:** You see it does not look nice, it is a very strange type of thing....

**Mian Abdul Sattar Laleka:** Sir, I apologize, but let Aqil Shah come and take his words back. I am apologizing.

**Mr. Presiding Officer:** I tell you, I am in a very tight situation, I am not a partisan, I am a member of the Opposition, it does my name no good nor it does me any credit to sit in the Chair because I want to give.....

**Mian Abdul Sattar Laleka:** Sir, I have already apologised but he had also insulted me.....

**Mr. Presiding Officer:** And I come here for your sake, when you ask me and I won't be a Judge between you. But after having done all this all the time, this is the result, this is very strange thing and Wattoo sahib sitting here, he defended him. You defended him with all this.

یہ تو نہیں ہو سکتا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب چیئرمین! میں تو پریذائیڈنگ آفیسر بھی نہیں کہتا میں تو چیئرمین کہتا ہوں۔ because whoever sits in the Chair, we are to respect him. we give proper respect to the Chair اور کسی مرحلے پر بھی میں نے۔

Mr. Presiding Officer: Watto sahib, rather than controlling the situation, rather than acting as intermediary, you sided with your own Minister and in contravention of the dignity of the whole House, I was astonished. I have not expected a behaviour on this pattern from you.

میاں محمد یٰسین خان وٹو: آپ کو یاد نہیں رہا، میں نے یہ بات عرض کی تھی اور میں نے کہا کہ میں technical objection نہیں کرتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ تو آپ کر ہی نہیں سکتے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! سن لیجئے ناں کہ میں وہ technical objection نہیں کرتا جو لالیکا صاحب کر رہے ہیں۔ ان سے بھی میں نے درخواست کی اور پھر میں نے آپ کی خدمت میں یہ عرض کیا کہ وہ وزیر صاحب بھی آ کر جواب دینے والے ہیں۔ پھر میں نے یہ عرض کیا کہ پوائنٹ آف آرڈر کی چیئرمین صاحب اجازت دیتے ہیں، اگرچہ وہ رولز کے مطابق نہیں، جس کے لئے چیئرمین صاحب نے آج بھی میٹنگ بلائی تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چیئرمین کی بات آپ سنیں گے تو یہ طے ہو گا ناں----

میاں محمد یٰسین خان وٹو: لیکن جناب والا! میں نے عرض کیا کہ ہم technical بنیادوں پر اس پر اعتراض نہیں کرتے، کیونکہ چیئرمین صاحب اجازت دیتے ہیں۔ میں نے یہ کہا کہ ان کی بات کا جواب دینے کے لئے وزیر حاضر ہو رہا ہے۔ تو میں نے کہاں کوئی ایسی بات کی ہے جس سے آپ کے احترام میں فرق آیا ہے۔ مجھے اس کی سمجھ نہیں آئی۔ آپ ریکارڈ مانگ کر دیکھ لیجئے کہ میں نے کیا کہا ہے۔ میں نے آپ کے احترام میں کوئی ایسا لفظ نہیں کہا، جس کو قابل اعتراض کہا جا سکتا ہو۔ اور اگر کہیں ہو تو -----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے نہیں کہا، میں صرف یہ عرض کرنا

چاہتا ہوں کہ ایک سوال آپ کہتے ہیں کہ میں decide کروں گا۔ تو it will be according to my
discretion, my best discretion according to the rules and propriety جب کہ ابھی وقت
ہے ' Adjournment Motion دو منٹ میں ہو گیا تو

we have ample time. So, I allowed points of order, because those matters were important and we had decided in the morning that at least an hour or half an hour should be given for these matters to be heard. Unortunately, you were not there and I was there, so, you should have listened to me. When I was there I will tell you the truth and it will be a responsible truth.

تو اس میں وہ کہتے ہیں کہ کس رولز کے تحت آپ کہتے ہیں۔ under what rule, under the rule of discretion.

میاں محمد یٰسین خان وٹو، جناب والا! میں نے تو یہ کہا کہ میں technical اعتراض نہیں کرتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ تو نہیں کرتے لیکن انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس اختیار ہی نہیں ہے کہ آپ کریں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو، جناب ان سے بھی میں نے request کی لیکن میں نے کہا کہ میں technical اعتراض نہیں کرتا۔

*(pause)*

Mr. Presiding Officer; You see, this will be another conflict, this will not be something to the credit of the House. What games are being played with this House unfortunately.

Mr. Aqil Shah: Sir, I withdraw my words.

Mr. Presiding Officer: Thank you, thank you very much, you have shown large heartedness in this House.

*(applaud)*

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, I want to make a request that both sides have shown magnanimity,

یہ جو ماحول میں تھوڑی تلخی آئی، بگڑا، اس میں utmost respect to the Chair اس وجہ سے جو یہ پچھلا سلسلہ ہے میرے خیال میں اس کو expunge کر دینا چاہیئے تا کہ یہ سینٹ کے ریکارڈ پر نہ رہے، وہ تو جب یہاں ہو جاتا ہے تو وہاں پر خود بخود ہو جاتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایسی محترم شخصیت ہیں، آپ نے بات کی۔ ورنہ میں آپ سے کہتا ہوں ناں کہ what has happened, I will not go further۔

راجہ محمد ظفر الحق: وہ تو ٹھیک ہے ناں لیکن Chair کو بھی تو-----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ نے تو ایسی بات کہہ دی ہے

because of your personal grace and the personal respect I bow to you, not because of the Government's attitudes, I admit what you have requested.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Thank you very much.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو اگر ایسا ہے پھر ٹھیک ہے جی۔

Now we are coming on the agenda. So, the Adjournment Motion is over, the Points of Order are over.

ابھی اس میں کیا Points of Orders رہ گئے ہیں let us start discussion. The next item on the agenda is withdrawal of the Bill.

میاں رضا ربانی: جناب سینیٹر حبیب جالب کی ایک Adjournment Motion ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں سندھ کا مسئلہ ابھی باقی ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, there is no man left to speak now.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تاج حیدر صاحب ہیں، عالی صاحب ہیں۔

میاں رضا ربانی: تاج بھائی کو ہم withdraw کر رہے ہیں۔

Sir, I will request Dr. Sashib not to speak because there is no time. Let him have his motion.

**Mr. Presiding Officer:** Why should Taj Haider withdraw ? Let him conclude.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, if the debate is going to go on then we are not withdrawing Taj Haider's name.

**Mr. Presiding Officer:** He was on his legs when the House was adjourned.

**Mian Raza Rabbani:** OK sir, then let Senator Taj Haider speak also.

**Mr. Presiding Officer:** All right. He will just briefly conclude. Then Dr. Jamiluddin Aali Sahib will also speak.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, this is not the way and Senator Hussain Shah Rashidi will also speak.

**Mr. Presiding Officer:** That will depend on the speakers on this side.

**Dr. Jamiluddin Aali:** Deputy Leader of the Opposition, Raza Rabbani , out of respect for him sir, he is concerned with the time.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** You conclude Dr. Sahib. یہ صرف ایک دو جملہ کہہ کے conclude کر دیں گے۔ آپ conclude کریں۔

## RE: CYCLONE HIT ARE AS IN SINDH AND DAMAGE CAUSED TO THE LIFE AND PROPERTY

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ :** مجھے اپوزیشن سے یہ ضرور گلہ ہے کہ جب وہ خود بولتے ہیں تو ایک ایک گھنٹہ لے لیتے ہیں اور طریقہ یہ رکھتے ہیں کہ وہ شروع میں بولیں گے۔ بہرحال یہ آپس کی بات ہے۔

ویسے مجھے ان سے زبردست گلہ ہے۔ جب وہ خود بولتے ہیں تو ایک ایک، ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹہ لے لیتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جی میں نے ڈیبیٹ کو open کیا حالانکہ یہ ایوان سب کے لیے ہے۔ میرے لیے قابل احترام ہے۔

میں صرف اتنا عرض کروں گا جناب، میں تقریر نہیں کروں گا، گزارش کروں گا کہ جو یہ سندھ کا مسئلہ ہے یا سندھ میں جو cyclone نے تباہی مچائی ہے۔ یہ پورے ملک کا مسئلہ ہے۔ پورے ملک کے عوام کے لیے یہ ایک عظیم سانحہ ہے۔ یہ صرف سندھ کے عوام کے ساتھ نہیں ہے۔ یہ ٹھٹھہ بدین نہیں بلکہ ایک بہت بڑی بربادی کا سماں ہے اور حقیقت میں اس کی طرف صحیح معنوں میں توجہ نہیں دی جا رہی۔ میں نقصانات کی طرف نہیں جاؤں گا کہ جس سے ماہی گیر، کسان، اور مویشی متاثر ہوئے ہیں اور انسانی جانیں ہزاروں کی تعداد میں تلف ہوئی ہیں۔ جو لوگ کشتیوں میں رہتے تھے وہ بھی برباد ہوئے ہیں۔ ان کا صحیح اندازہ بھی حکومت نہیں لگا سکی۔ اس کے اعلانات سے بھی واضح ہوتا ہے کہ جب شروع میں پانچ کروڑ کا اعلان کیا تو ان کو نقصان کا اندازہ نہیں تھا۔

دقت کی بات یہ ہے جناب کہ وہاں پر نمائندہ حکومت بھی نہیں ہے۔ اسلام آباد سے سندھ کو کنٹرول کیا جا رہا ہے۔ اس چیز نے ان کی مشکلات میں اور بھی اضافہ کیا ہے۔ وہاں پر تمام زیادتیاں ہوئی ہیں۔ وہاں ان کو وارننگ بھی نہیں دی گئی۔ ان کو ٹرانسپورٹ مہیا کر کے وہاں سے نکالا جا سکتا تھا۔ کم از کم جانیں اور مال مویشی بچائے جا سکتے تھے۔ میں یہ تجویز کروں گا کہ ایک ہاؤس کمیٹی بنائی جائے جو اس حادثہ کی responsibility fix کرے کہ اتنی بڑی تباہی کا کون ذمہ دار ہے۔ حالانکہ پہلے سے پتہ بھی چل گیا تھا۔ تین دن پہلے، ایک ہفتہ پہلے۔ اس کے اوپر کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ جب ریلیف سامان وہاں گیا تو وہ بھی صحیح معنوں میں تقسیم نہیں ہوا۔ جیسا کہ میں نے کل کہا کہ سب سے زیادہ ٹھٹھہ متاثر ہوا۔ وہاں 29% relief ملا اور بدین کو 70%۔ انہی گزارشات کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ معزز ایوان کی ایک کمیٹی بنائی جائے کیونکہ یہ ادارہ وفاق کی علامت ہے۔ یہ کمیٹی سارے معاملات کی تحقیق کرے۔ اس میں جو بھی لوگ ذمہ دار ہیں ان پر responsibility fix کرے تاکہ آئندہ پورا ملک اور حکومت اس پر توجہ دے سکے۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ آپ کا مشکور ہوں۔ شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ اب اس کو conclude کرتے ہیں۔ آپ بولنا چاہتے ہیں۔

**جناب تاج حیدر**۔ جناب چیئرمین! میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ اس topic کو touch نہیں کیا گیا ہے۔ میں نے تین تفصیلی دورے وہاں کئے ہیں کہ اس situation میں کیا alternate ہونا چاہیئے۔

میں یہ سوچ رہا تھا کہ میں personally Mr. Wasim Sajjad سے کل time لوں because I want to personally involve him because a lot of work has been done, لیکن کچھ ایسی technical چیزیں ہیں، جب تک وہ ٹھیک نہیں ہوں گی، یہ بار بار ہوتا رہے گا۔ اگر دوسرے topics ہیں I am ready to accommodate, I am most willing to accommodate my fellow Senators but if you have sometime then I will seek your permission, it depends on the availability of time.

Mr. Presiding Officer: If you just make short observation, I mean conclusive observation in the sense like formation of a committee or some concrete steps because we have to discuss that matter for which we have requisitioned the House.

Mr. Taj Haider: Thank you sir.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی ہاں۔

جناب تاج حیدر۔ جناب عالی! جو تباہی ہوئی ہے میں اس کی detail میں نہیں جاؤں گا اور اس تباہی کی detail میں اس لئے نہیں جاؤں گا کہ جو تباہی ہوئی ہے وہ لفظوں میں describe نہیں کی جا سکتی۔ میں نے خود تین تفصیلی دورے اس علاقے کے کئے ہیں اور جن علاقوں میں تباہی ہوئی ہے وہاں تک گاڑی کے ذریعے پہنچنا ناممکن ہے۔ ہم صرف سڑکوں تک پہنچ سکے جہاں پکی سڑک موجود تھی۔

جناب عالی! سینیٹر قائم علی شاہ دو دوروں میں ہمارے ساتھ رہے۔ جو اصل تباہی ہوئی ہے وہ ان علاقوں میں ہوئی ہے کہ جہاں سڑکین نہیں ہیں اور جہاں پر پہنچا نہیں جا سکتا۔ میں اس مسئلے کے سیاسی پہلو پر بھی گفتگو نہیں کروں گا کیونکہ ہمیں، سندھ کے رہنے والوں کو حکومت سے کوئی توقع بھی نہیں ہے کہ یہ اس سلسلے میں کچھ کرے گی۔ ہم 200 ارب tax ہر سال دیتے ہیں اور پانچ، سات ارب ہمارے لئے کوئی اتنی مشکل بات نہیں کہ سندھ کے لوگ اتنا بھی نہ کر سکیں۔ اب جو نئے tax لگے ہیں service کے، اس سے چالیس، پچاس ارب اور ہو جائیں گے۔ Constitution کے تحت جو اختیارات ہمیں ملے ہیں وہ اگر ہمیں مل جائیں تو سو، ڈیڑھ سو ارب National exchequer میں ڈال سکتے ہیں، یہ کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے لیکن ساری problem رویے اور attitudes کی ہے۔

جناب عالی! یہ علاقہ جہاں طوفان آیا ہے ' یہ پاکستان کا امیر ترین علاقہ ہے ۔ یہاں پر پاکستان کا 38 فیصد خام تیل پیدا ہو رہا ہے ' پاکستان کی 15 فیصد گیس یہاں سے برآمد ہوتی ہے ' یہاں پر 11 sugar کے کارخانے ہیں اور 30 فیصد پاکستان کی شوگر اس علاقے میں manufacture ہوتی ہے۔ جناب عالی! پاکستان کی fisheries کی 60 فیصد export اس علاقے کے ماہی گیروں کی محنت سے ہوتی ہے۔ یہاں Coastal Development Authority ہمارے دور میں بنائی گئی تھی جو کہ پام آئل اور کینولا آئل کی کاشت کر کے پاکستان کو خود کفیل بنانے کی اہلیت رکھتی ہے اور اب بھی ہماری پام آئل کی imports کا کوئی 20 percent کے قریب اس علاقے سے substitute ہو رہا ہے۔ اسی طریقے سے جو پان import ہوتا تھا ' اس کی import آدھی ہو گئی ہے کیونکہ یہ علاقہ پان بھیجتا ہے اور یہ تمام کا تمام علاقہ تباہی کی لپیٹ میں ہے ۔ It is a vast picture of devastation, unbelievable devastation میری آنکھوں نے دیکھی ہے اور اصل تباہی وہاں آئی ہے جہاں پر میں پہنچ بھی نہیں سکا۔

جناب عالی! یہ دریائے سندھ کا delta ہے اور دریائے سندھ سے بہہ کر آنے والی مٹی اس delta کو آگے بڑھاتی رہتی تھی اور اب اگر آپ پرانے نقشوں سے ' Alexander کے زمانے کے نقشوں سے آج کے نقشوں کا موازنہ کریں تو ساحل کوئی 90 میٹر آگے چلا گیا ہے۔ ایک تو یہ کہ آبپاشی کا نہری نظام بنا اور بجائے اس کے کہ دریائے سندھ ان 30 شاخوں میں بہتا وہ ایک شاخ میں محدود ہو کر رہ گیا۔ دوسرا یہ کہ تربیلا میں جو مٹی جمع ہو رہی ہے اور تربیلا میں جو پانی روکا جا رہا ہے اس کی وجہ سے ساڑھے تین سو ملین ٹن مٹی کا اس علاقے میں جو flow تھا وہ گھٹ کر اب ساٹھ' ستر ملین ٹن per year رہ گیا ہے اور سمندر اس علاقے کو کاٹ رہا ہے۔ اب main problem یہ ہے کہ ہر سال ہماری ڈیڑھ یا دو کلو میٹر coastal زمین سمندر کی waves کے ساتھ بہہ جاتی ہے اور بڑے پیمانے پر erosion ہوتی ہے۔ ہمیں اس چیز کے اوپر توجہ دینی چاہیئے کہ اس erosion کو کیسے روکا جائے۔

دوسری چیز جو کہیں زیادہ اہم ہے اور جس کا ذکر نہیں ہوتا وہ LBOD ہے ' LBOD ' 153 کلو میٹر ایک لمبی drainage line ہے۔ بجائے اس کے کہ اسے ساحل سمندر سے شروع کیا جاتا ' اس کو اندرون سندھ ایک پوائنٹ سے شروع کیا گیا۔ جب 153 کلو میٹر پورے ہوئے تو وہاں سے سمندر ابھی 25 کلو میٹر دور تھا ۔ situation یہ ہوتی ہے کہ جو بھی پانی LBOD سے بہہ کر آ رہا ہے وہ ایک جھیل کی شکل میں وہاں جمع ہو جاتا ہے ۔ جس وقت سمندر کی tide آتی ہے اور پانی کو لے کر جاتی ہے تو وہ جھیل اس وقت خالی ہوتی ہے ۔ اسی طریقے سے جو بارش کا پانی ہے جو natural flow سے رن آف کچھ کی طرف بہہ

کر آتا ہے وہ بھی LBOD کے بند کے ساتھ ساتھ ایک جھیل کی شکل اختیار کر لیتا ہے - پانی وہاں پر پہلے ہی جمع ہے کیونکہ LBOD کے ڈیزائن پر محترمہ بےنظیر بھٹو نے احکامات کئے تھے کہ اس کو سمندر تک لے جایا جائے لیکن وہ سمندر تک نہیں لے جایا گیا ہے اور LBOD سمندر سے پچیس کلو میٹر پہلے ختم ہو جاتا ہے -

اس رات یہ ہوا کہ سات بجے سے موسلا دھار بارش شروع ہوئی ، صبح تین بجے high tide کا وقت تھا - جھیل کی سطح بڑھتی جا رہی تھی اور وہ کوئی دو ڈھائی میٹر ویسے ہی بڑھ گئی تھی - اس hurricane K 2 نے کوئی دو سو چالیس کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے جس وقت hit کیا تو جھیل کا پانی سارے کا سارا ایک چار یا پانچ میٹر اونچی wave کی شکل میں اندر تک پہنچ گیا - میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس پانی کو ساٹھ کلو میٹر اندر پہنچنے کے لئے صرف پندرہ منٹ لگے یعنی

in just 15 minutes everything thazt came in the water's way was demolished, destroyed and it happened at 3 a.m. in the night

یہ مسئلہ اس وقت تک ٹھیک نہیں ہو سکتا جب تک کہ LBOD کا ڈیزائن درست نہ کیا جائے کیونکہ مئی اور جون میں ہمیشہ طوفان آتے رہتے ہیں - اب دو land masses ہیں ، ایک India کا اتنا بڑا land mass دوسرا Arabia کا land mass وہ broaden ہوجاتے ہیں - ان کی intensity کم ہو جاتی ہے لیکن اگر ان کی intensity کم نہ ہو تو وہ اسی شدت سے hit کریں گے - اس وقت صورتحال یہ ہے کہ میلوں تک وہاں کھارا پانی پھیلا ہوا ہے اور سب سے بڑا مسئلہ اس کھارے پانی کا ہے -

جناب والا! جو relief پہنچ رہی ہے وہ سڑکوں کے قریب والی جگہوں پر پہنچ رہی ہے ، اندر نہیں پہنچ رہی - ہم نے یہ انتظام کیا ہے کہ پارٹی ورکرز اندر پہنچے ہیں - وہ لوگوں کو سڑکوں تک لے آتے ہیں اور سڑکوں سے لوگ ریلیف لے کر چلے جاتے ہیں - جو پانی کھڑا ہوا ہے اس کی نکاسی کا کوئی انتظام نہیں ہے - میں آپ سے استدعا کروں گا کہ اس کی نکاسی کا فی الفور بندوبست ہونا چاہیئے یعنی یہ کہ یہ جگہیں سمندر کے قریب واقع ہیں ، زیرو لیول وہیں پر ہے جہاں جہاں پانی رک رہا ہے - ہم اس میں کٹاؤ دیتے جائیں ، یہ پانی آپ ہی بہہ جائے گا - مہینے بھر کے اندر دریا کے اندر پانی ہو گا there will be high flood یہ پانی اس کے اوپر بہایا جائے تا کہ وہ salt بہہ جائے -

جناب والا! پینے کے پانی کا بہت بڑا مسئلہ ہے - فوج نے main roads کے اوپر باؤزر وغیرہ رکھے ہیں - ان کو وہ refill کرتے رہتے ہیں لیکن پھر بھی مسئلہ ہو رہا ہے کہ جو دور کے گاؤں ہیں وہ غذائی

اشیاء آ کر بے جاتے ہیں لیکن ان کے لئے پانی carry کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جتنے بھی چھوٹے چھوٹے گوٹھ ہیں وہ نہروں اور نہروں کی شاخوں کے کنارے ہیں ۔ ان نہروں اور شاخوں میں پورا پانی ان کی capacity کے مطابق چھوڑا جائے تاکہ تازہ پانی ان گاؤں' علاقوں اور نہروں تک پہنچ جائے۔

جناب والا! ہم نے دیکھا ہے کہ جو کیٹی بندر کی ہماری بتیس کلو میٹر کی سڑک تھی' اس نے سیلاب کو روکا ہے ۔ صرف ایک ڈیڑھ کلومیٹر کا جو ٹکڑا تھا وہ چونکہ مکمل نہیں ہوا تھا تو باجانوں اور کیٹی بندر کے بیچ میں سے سمندر آیا اور اس نے تباہی مچا دی ۔ جناب والا! ہماری ایک coastal highway کا منصوبہ پہلے سے زیرتکمیل ہے جو کراچی کو اسلام کوٹ سے ملائے گا۔ مجھے یہ بھی ذکر کرنا تھا کہ یہ علاقہ دنیا کی سب سے بڑی coal field سے متصل ہے ۔ ہم نے کیٹی بندر کی بندرگاہ اور کیٹی بندر پر پانچ ہزار میگا واٹ کا بجلی گھر یہاں پر plan کیا تھا۔ اسی طریقے سے اسلام کوٹ کا تین ہزار میگاواٹ کا بجلی گھر ہمارے اپنے کوئلے سے چلنا تھا ۔ اس کوئلے کو کراچی تک لانے کے لئے اور کیٹی بندر تک لانے کے لئے یہ coastal highway تعمیر ہو رہی تھی ۔ جوکہ اس erosion کو بھی روکے گی جو سمندر آکر ٹکراتا ہے اور ہر سال ڈیڑھ دو کلو میٹر زمین اس میں چلی جاتی ہے۔ اس Coastal highway کے ذریعے اس erosion کو بھی روکا جائے گا۔ کوئلے کی ترسیل بھی کراچی تک آرام سے ہوسکی گی۔ اس کوئلے کو لانے کے لئے اسلام کوٹ ۔ بدین ریلوے لائن بننی تھی اور بدین کو جھمپیر سے ملانا تھا۔ یہ East West Railway ہے۔ اس کی تعمیر انتہائی ضروری ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس Coastal highway کے بعد یہ second defence line ہو گی۔

جناب عالی! دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے ماہی گیروں کی کوئی ۱۸۰۰ کشتیاں تباہ ہوئی ہیں۔ اس وقت ماہی گیری نہیں ہو رہی تھی کیونکہ cyclone کی وجہ سے ۱۵ مئی کے بعد deep sea میں نہیں جاتے صرف ۲ میل کی پٹی میں جاتے ہیں۔ حیرانگی کی بات یہ ہے کہ اس ۲ میل کی پٹی میں سے لوگوں کو نہیں نکالا گیا۔ وہاں سے نہیں ہٹایا گیا۔ آج صبح میں نے وہ نیوز سٹوری پڑھی کہ ایک بچہ ۳ دن تک ایک تختے کے اوپر تیرتا ہوا سمندر کے اوپر رہا۔ اس علاقے میں ہمیں بہت سی ایسی کہانیاں ملتی ہیں کہ لوگ بچ گئے۔ لوگوں نے تختے پکڑ لئے۔ لوگ کنارے تک آ گئے۔ کنارے پر آکر وہ بھوک اور پیاس سے مر گئے۔ اس لئے مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوئی surveillance نہیں ہو رہی تھی۔ کچھ نہیں دیکھا جا رہا تھا کہ کہاں پر کیا حالات ہیں۔

جناب عالی! میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ میں اخبارات میں بھی ان تجاویز پر تفصیلی بات کرنا چاہتا

ہوں۔ میں حکومت کی بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ پانچویں ' چھٹے دن صرف چوہڑ جمالی تک پہنچ جانا ہی کافی نہیں ہے۔ اگر آپ نقشہ دیکھیں تو چوہڑ جمالی ۶۰ کلو میٹر اندر ہے۔ چوہڑ جمالی وہ علاقہ ہے کہ جہاں پر سب سے کم نقصان ہوا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس علاقے کے لوگوں کو اپنے پیروں پر کھڑے ہونے میں مدد دی جائے۔ ریلیف کی بھی ایک حد ہے۔ Sir, I record my satisfaction on this point کہ بہت سے لوگ' اور میں یہاں پر MQM پر اکثر اعتراض کرتا رہتا ہوں' sir, let me admit and let me complement them, let me congratulate them کہ انہوں نے جس طریقے سے وہاں پر ریلیف مہیا کیا اور جس طریقے سے وہ جگہ جگہ پر پہنچے ہیں ' آج وہاں کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ MQM نے کام کیا ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب تاج حیدر ، اور بھی جماعتیں ہیں۔ حتیٰ کہ میں نے مسلم لیگ کا بھی ٹھٹھہ کی main road پر ایک کیمپ دیکھا۔ میں نے مسلم لیگ کے دوسرے لوگوں کو بھی دیکھا جو مختلف تنظیموں کے ذریعے اور چیمبر آف کامرس کے ذریعے کام کر رہے تھے۔ سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ اس علاقے کے لوگ they are fighting , they are standing up here and there, you see, they are coming up.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، تاج حیدر صاحب! wind up کریں۔

Mr. Taj Haider : Sir I am on my last time.

ہم دیکھتے ہیں کہ they are coming up, یہ لوگ جو کہ دبے ہوئے ہیں' جو کہ کچلے ہوئے ہیں ' یہی ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں۔ یہ کھڑے ہو رہے ہیں' یہ واپس آ رہے ہیں۔

Let us not talk of relief. Let us talk of rehabilitation. Let us do a few things which help these people to stand on their feet. Because I am sure that these people will come back, they will stand back and this area which is the richest area in Pakistan will again contribute for the national economy. Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، آپ کی طرف سے کوئی اور سپیکر ہے؟

Mian Raza Rabbani: Sir, two honourable Senators, Rashdi Sahib and Masood Kausar Sahib, they will not be taking part in the debate, but I believe

Aali Sahib wanted to say a word or two.

Mr. Presiding Officer: Let me clear up this matter.

آپ کی طرف سے تو کوئی اور نہیں ہے ناں۔ جی اورنگزیب صاحب۔

**راجہ اورنگ زیب،** جناب چیئرمین! جب ہماری تقریریں ہو رہی تھیں تو آپ کی رولنگ کے بعد یہاں پر تشریف فرما معزز اخباری نمائندے واک آؤٹ کر گئے تھے تو مجھے راجہ ظفر الحق صاحب نے حکم دیا کہ آپ جاکر معلوم کریں کہ کیا وجہ ہے؟ تو میں نے ان کے منتخب لیڈر حضرات سے بات چیت کی۔ انہوں نے مجھے کہا کہ آپ کا آدھا گھنٹہ جھگڑا رہا ہے' اب آپس میں ایک ہو گئے ہیں تو ہم نے کیا گناہ کیا ہے کہ ہمارا آدھا گھنٹہ آپ نے ضائع کیا اور ہم نے وہاں خبریں بھیج بھی دی ہیں اور آپ نے بعد میں وہ سب expunge کر دیا ہے۔ تو میں نے ان سے کہا کہ ہاؤس میں ایسی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ لڑائی جھگڑا، کبھی دوستی، کبھی دشمنی' یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ part of game ہے۔ تو انہوں نے میری بات مان لی۔ جناب میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ زاہد صاحب آپ پوائنٹ آف آرڈر کرنا چاہتے ہیں؟

RE: CUTTING OF FORESTS IN NORTHERN AREAS.

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب چیئرمین! میں اعتراف کرتا ہوں Chair کا لیکن میں نے وسیم سجاد صاحب سے پرسوں بات کی تھی کہ میرا point of order ایسا ہے کہ اگر اجلاس prorogue ہو جاتا ہے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ میں نے اس point کو پہلے اجلاس میں اٹھایا تھا تو اس سے میں نے کہا تھا کہ اجلاس میں مجھے پھر اجازت دے دیں گے' انہوں نے کہا' ٹھیک ہے' اس لئے میں نے آپ سے ابھی ٹائم مانگا ہے۔

جناب! ہمارے ملک میں ایک ٹمبر مافیا ہے۔ اس سلسلے میں' میں نے بات کی تھی کہ اس وقت forest تو مالا کنڈ ڈویژن میں ہیں لیکن دھیر میں ہمارے جنگل جس طریقے سے کاٹے جا رہے ہیں کہ جس طرح آگ ہر ایک چیز میں مداخلت کیوں کرتا ہے؟ اگر صوبے کو صوبائی اختیارات دیں تو پھر ہم یہاں نہیں بولیں گے لیکن آپ تو صوبائی آزادی بھی نہیں دیتے اور اس طریقے سے اختیارات بھی نہیں دیتے۔ سندھ میں آپ نے ابھی گورنر رول لگایا ہے ۔ وہاں پر آفت آئی' وہاں پر عذاب آیا لیکن وہاں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ آپ یہاں سے کنٹرول کر رہے ہیں۔ وہاں بیچارے لوگ بھوکے' پیاسے مر رہے ہیں۔

جناب والا ! ہمارے ہاں لکڑی کے پرمٹ جس کو دیئے گئے ہیں' ساڑھے گیارہ لاکھ فٹ کے ' اس آدمی پر الزام تھا کہ پہلے جو Chief Minister Sherpao تھا' اس نے اس سے پانچ کروڑ روپے لے کر ٹھیکے دیئے تھے۔ اس کے اوپر کیس چل رہا تھا۔

اب موجودہ Chief Minister صاحب نے پھر اسی شخص کو پرمٹ دے دیا ہے۔ کیا جو آپ نے اس پر الزام لگایا تھا وہ غلط تھا یا کیا اس وقت دھیر کا جنگل نہیں کٹ رہا تھا اور اس وقت نہیں کٹ رہا ہے۔ جناب معزز وزیر صاحب اور Leader of the House بھی توجہ دیں ۔ ان دونوں نے وعدہ کیا تھا کہ جی ہم یہ معلوم کریں گے کہ سنٹرل گورنمنٹ نے جو پابندی لگائی تھی ' صوبائی اختیارات میں مداخلت کی تھی تو اب Chief Minister نے کیسے اجازت دی؟ یہ جناب واضح کریں کیونکہ میں نے یہ کہا تھا کہ اس ہاؤس میں اس کے لئے کوئی کمیٹی نہیں ہے۔ آپ ہاؤس کی ایک کمیٹی بنا دیں تا کہ وہ یہ معلومات کرے کہ یہ کیا ہے' کیوں ایسے کیا گیا ہے۔ پیسے کی خاطر آپ اپنے جنگلات کو کاٹ رہے ہیں جبکہ وہاں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں وہ ایک لکڑی بھی جلانے کے لئے نہیں لاسکتے آپ تیرہ اور چودہ لاکھ مکعب فٹ لکڑی کے پیسے لے کر ادھر لا رہے ہیں ۔ جناب ! یا تو یہ وعدہ کریں یا یہ ہی کریں کہ ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائی جائے کیونکہ یہاں پر forest پر کوئی کمیٹی نہیں ہے جو انکوائری کر سکے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** کن وزیر صاحبان نے آپ کو یہ کہا تھا۔

**جناب محمد زاہد خان۔** یہ جی جو پارلیمانی امور کے وزیر صاحب ہیں یسٰین وٹو صاحب ' ہر فن مولا صاحب اور ہمارے راجہ صاحب جو Leader of the House ہیں' دونوں نے اس دن کہا تھا۔ تو یہ بتا دیں کیونکہ پچھلے اجلاس میں یہ ذکر ہوا تھا ۔ اب وہ یہ واضح کر دیں کہ سنٹرل گونمنٹ نے پابندی کیوں لگائی؟ کس base پر لگائی اور لگائی تو صوبائی گورنمنٹ نے کیوں اس کو پرمٹ دیا؟ شکریہ جناب۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی ہاں! وہ بات آ گئی ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** صوبائی حکومت سے رابطہ کر کے ہی پھر ساری تفصیل بیان کی جا سکتی ہے۔

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب یہ تو پرانی بات ہے۔ پہلے اجلاس میں آپ نے یہ وعدہ کیا تھا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔** اب آپ تھوڑی سی بات سنیں ۔ اب وہ کہہ رہے ہیں پھر اس کے بعد۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ یہ بات آج کے لئے fix نہیں تھی اور وہی پھر مسئلہ آ جاتا ہے کہ اگر تحریری طور پر کوئی چیز آ جائے تو پھر تحریری جواب منگوا لیا جائے گا۔ اگر وہ لکھ کے مجھے دیدیں تو میں ان سے تفصیلی جواب منگوالوں گا۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب! لکھنے کی بات اگر یہ پہلے اجلاس میں مجھے کہہ دیتے تو میں آپ کو لکھ کر دے دیتا۔ جان چھڑانے کا یہ بہت آسان طریقہ ہے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ لکھنے میں انہیں کونسی دقت ہے۔ لکھ کر دیدیں، میں ان سے جواب منگوالوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔چلیں آپ لکھ کر دیں۔ لیکن بہتر ہوتا کہ اسی وقت آپ کہتے تو لکھ کر دے بھی چکے ہوتے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ جی ٹھیک ہے۔ ابھی دیدیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ابھی تو پھر ہو گا۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب! ایک دو مہینے سے وہ جنگل تو کاٹ رہے ہیں۔ یہ خود کہہ رہے تھے۔ عجیب سی بات ہے۔

سیدمسعود کوثر ۔ منسٹر صاحبان کہہ دیتے ہیں کہ جی ہم پرسوں بتا دیں گے، ترسوں بتا دیں گے۔ Sessions گزر جاتے ہیں there must be some system یا ہمارا سینٹ سکریٹریٹ ان کو نوٹ کرے کہ جو جو باتیں انہوں بتانی ہوتی ہیں وہ کم از کم اس سیشن کے دوران بتا دیں. This is very important issue. ایک طرف یہ جنگلات ہمارے تباہ ہو رہے ہیں۔ مرکزی حکومت ماحولیات کو تباہی سے بچانے کی باتیں کرتی ہے اور یہ دھڑا دھڑ پرمٹ دیئے جا رہے ہیں اور درخت کاٹے جا رہے ہیں۔ جو بھی ذمہ دار ہے، چاہے وہ پہلے تھا یا اب ہے، ہم اس میں نہیں پڑتے ہیں۔ میں request کرتا ہوں کہ ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ آپ کو وہ رپورٹ دے ۔ اگر حکومت واقعی مخلص ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ اس کے کھانے کے دانت اور نہیں ہیں اور دکھانے کے اور نہیں ہیں تو یہ معاملہ سیدھا ہو جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جی ہاں۔ راجہ صاحب کچھ فرمائیں گے۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! بلا شبہ یہ مسئلہ اہمیت کا حامل ہے اور آج صبح پارٹیوں کے سربراہوں سے ہماری جو discussion ہوئی ہے اس میں بھی یہی معاملہ سامنے آیا تھا کہ ایسا طریقہ کار ہونا چاہیئے کہ اگر کوئی فاضل رکن کوئی سوال اٹھانا چاہیں جو national importance کا ہو تو وہ تحریری طور پر دے دیا کریں۔ منسٹر کو تھوڑا سا بھی نوٹس ہو جائے تو وہ صوبائی حکومت سے یا یہاں کسی سے کوئی بات کر کے اسی وقت اس کا حتمی جواب دینے کی پوزیشن میں ہوگا ۔ آج تو اس پر عمل درآمد نہیں ہوا ہے لیکن میرے خیال میں اگر اس کو شروع کر دیا جائے تو یہ facilitate کرے گا proper handling of issues کو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ ابھی تو ایسے ہی ہوگا۔ ابھی تک چونکہ ممبران کو بھی پتہ نہیں تھا اور یہ تو pending issue تھا ۔ یہ raise ہو چکا تھا۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ اگر یہ پتہ ہو کہ یہ ابھی ہونا ہے تو پھر جو متعلقہ آدمی ہے ---

جناب محمد زاہد خان۔ آپ ہاؤس میں یہ commitment کرتے ہیں کہ جناب! ہم پتہ کرکے دو دن بعد بتا دیں گے۔ میری عرض سنیں ۔ آپ نے بات کی کہ میں چیئرمین صاحب سے یہ بات کر چکا ہوں ۔ میں وٹو صاحب کے ساتھ چیئرمین صاحب کے پاس بیٹھا تھا تو میں نے چیئرمین صاحب سے کہہ دیا تھا کہ میں یہ پوائنٹ ریز کر رہا ہوں ' آپ مہربانی کرکے اجازت دے دیں اور یہاں فلور آف دی ہاؤس پر آپ نے مجھے کہا کہ ہم سنٹرل گورنمنٹ سے اور صوبائی گورنمنٹ سے بھی پتہ کرکے معلومات فراہم کریں گے۔ اب نہیں کر رہے اور وہ جنگل ختم ہو رہا ہے ۔وہ جنگل کٹتے جا رہے ہیں۔ کوئی رکتا تو نہیں ہے ۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ آئندہ جو طریقہ کار ہے ' جیسے صبح agree ہوا ہے ' اس طریقے سے کریں گے۔ لیکن یہ جو مسئلہ ہے ہم آج ہی پتہ کرنے کی کوشش کریں گے کہ کیا صورت ہے اور زاہد خان صاحب کو اور بیرسٹر صاحب کو اس بارے میں مطلع کریں گے۔

جناب محمد زاہد خان۔ آج اجلاس prorogue ہو رہا ہے ۔ دو مہینے یا تین مہینے کے بعد آئے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ کو بتا دیں گے۔ ان کو بھی بتا دیں گے۔

سید مسعود کوثر۔ ہم privately بھی منسٹر صاحب کے دفتر میں جا کر یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ عوام کو پتہ چلے کہ کیا ہو رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ نے ایک چیز پوائنٹ آؤٹ کی ہے۔ آپ کی نظر میں ایک چیز ہے جو حکومت غلط کر رہی ہے۔ اس کا نوٹس پریس نے لے لیا ہے اور وہ عوام تک پہنچ جائے گا۔ اس کے بعد اگر کوئی قدم ان کی نظر میں ٹھیک ہے جس کو آپ غلط کہتے ہیں that will be their responsibility and if they like, they have to discuss to correct it. تو بات رجسٹرڈ ہو گئی that is up to the Parliament. بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں آپ کے توسط سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تین دن ہوئے میں نے ایک مسئلہ ریز کیا تھا۔ وہ صوبائی گورنمنٹ کا نہیں تھا، وہ سنٹرل گورنمنٹ کا تھا۔ کنٹونمنٹ بورڈ کے متعلق تھا۔ کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ کے متعلق تھا۔ ہمارے علاقے گوجرانوالہ میں ایک موضع گلاب پورہ ہے، اس کے گرد دیواریں بنا رہے ہیں اور دیواریں بنا کر راستے مسدود کر دیئے ہیں۔ وہاں لوگ main road پر بھی نہیں آ سکتے ہیں۔ ان کی دوکانیں seal کر دی ہیں۔ میں نے نہ صرف یہ معاملہ اس ہاؤس میں اٹھایا بلکہ ایک written representation فاضل وزیر صاحب کو پیش کی تھی۔ میں اس کی یاد دہانی کے طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ معاملہ وہاں کے رہنے والے لوگوں کے لئے بہت اہم ہے۔ اس میں کوئی پیش رفت ہوئی ہے۔ اس کے متعلق دریافت کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ وزیر برائے پارلیمانی امور۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ اس کی رپورٹ اگلے سیشن تک آ جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ابھی اس کو pending کر دیں۔ اس کی رپورٹ اگلے سیشن تک آئے گی۔ جی عالی صاحب۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ جناب چیئرمین، میں تو رضا ربانی صاحب کے کہنے کے بعد دستبردار ہو چکا تھا لیکن چونکہ انہوں نے رول بدل دیا۔ میں صرف ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کے خیالات و جذبات کی دل سے تائید کرنا چاہتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر اذان مغرب کی آواز ایوان میں سنائی دی)

**Mr. Presiding Officer:** The House is adjourned for Maghrib Prayers for fifteen minutes.

*[The House re-assembled at 7.50 p.m. after Maghrib prayers with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].*

**جناب چیئرمین:** اچھا جناب اب کیا کرنا ہے۔ حبیب بلوچ صاحب آپ کا مسئلہ ہو گیا ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب ہماری باری تو سب سے آخر میں آتی ہے۔ فنڈز بھی جب ختم ہو جاتے ہیں تو بلوچستان کی باری آجاتی ہے۔ تقریر میں بھی اسی طرح ہوتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** چلیں پھر prorogue کرتے ہیں۔ یہ اگلی دفعہ کر لیں گے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** چیئرمین صاحب! ٹھیک ہے اسے اگلی دفعہ کر لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** یہ forbes کا مسئلہ کیا fishing والا ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جی جناب fishing والا ہے۔

**جناب چیئرمین:** مجھے تو کوئی کہہ رہا تھا کہ وہ معاملہ ویسے ہی رکا ہوا ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** رکا ہوا تو ہے گورنمنٹ کی طرف سے cancel نہیں ہوا۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب بڑی بات یہ ہے کہ اس میں صرف fishing کا مسئلہ نہیں یہ sovereignty کا مسئلہ بھی ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو:** جناب ابھی سندھ میں cyclone کا مسئلہ discuss ہو رہا ہے۔ ابھی عالی صاحب تقریر کر لیں۔ اس پر پھر میں پانچ دس منٹ لوں گا۔ پھر اس کے بعد بلوچستان کا مسئلہ لے لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** چلیں ممبران کا mood دیکھتے ہیں۔ اگر وہ اس موڈ میں ہیں تو پھر اسے لے لیں گے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب ایک اور چیز ہے۔ اگر حکومت یہ جواب دیتی ہے کہ یہ cancel ہو گیا ہے۔ پھر تو چلیں ٹھیک ہے۔ اچھی بات ہے۔ جناب یہ sovereignty کا بھی مسئلہ ہے۔ پتہ نہیں یہ

بادشاہ لوگ کیا کر رہے ہیں۔ یعنی یہ پوری ساحلی پٹی کی sovereignty کا مسئلہ بھی ہے۔ یہ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔ اس میں پورے ملک کا مفاد موجود ہے۔ یہ صرف fishing rights کا مسئلہ نہیں ہے۔ اس پر ایک لمبی بحث ہونی چاہیے۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اس کے لئے ایک دن ہو۔ کیونکہ یہ صرف بلوچستان کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو، اصل میں premature خدشات بہت ساری چیزوں کے بارے میں ہیں۔ میں ساری situation جب بیان کر دوں گا تو میرے خیال میں بہت ساری چیزیں تو remove ہو جائیں گی۔ کیونکہ ابھی بلوچستان کے بارے میں فیصلہ نہیں ہوا۔ اس کمپنی نے feasibility report تین جنوری تک دینی تھی جو انہوں نے نہیں دی۔ اب بورڈ کی اس سلسلے میں چند دنوں میں meeting ہو رہی ہے۔ وہ اس کے بارے میں final فیصلہ کریں گے۔ لیکن یہ ہے کہ کوئی فیصلہ اس قسم کا نہیں ہوا کہ بلوچستان کے علاقے میں اس کمپنی کو کوئی contract وغیرہ دیا جائے گا۔ ابھی تو ان کی feasibility آئی ہے۔ feasibility کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ وہ سندھ کے علاقے میں چاہتے ہیں یا ادھر بلوچستان کے علاقے میں چاہتے ہیں۔ جس صوبائی حکومت کے علاقے میں وہ چاہیں گے ۔ پھر اس صوبائی حکومت کے ساتھ تمام معاملات طے کیئے جائیں گے۔ وہ تو بہت ساری formalities اور بہت ساری چیزیں ہوتی ہیں۔ اس لئے کوئی ایسی وجہ نہیں ہے کہ جس وجہ سے بلوچستان میں اس وقت کسی خدشے کا کوئی احتمال کیا جائے۔

جناب چیئرمین، یعنی آپ کا یہ کہنا ہے کہ جب یہ فیصلہ ہو گا تو اس کے بعد پھر صوبائی حکومت سے بات چیت کی جائے گی۔ لیکن اخباروں میں تو آیا تھا کہ یہ ہو گیا ہے fishing rights دے دیئے ہیں۔یہ تو fishing right کی بات ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو، جناب ابھی نہیں دیئے گئے۔

سید اقبال حیدر، جناب بی بی سی نے اس کے اوپر ایک فلم بنائی ہے۔ بڑی damaging فلم ہے۔ یہ جو fishing right کا contract دیا گیا ہے اس کے متعلق۔ میں نے خود وہ فلم دیکھی ہے BBC World پر ۔ جس میں وہاں پر local fishermen کے interviews بھی لئے گئے ہیں۔ جو کہ بہت زیادہ خوف زدہ ہیں کیونکہ ان کا یہ کہنا ہے کہ یہ گو کہ متعین میل کے باہر یہ fishing کریں گے۔ لیکن وہ کہتے ہیں کہ ان کو روکے گا کون؟

جناب چیئرمین، ہاں یہ تو خدشات انہوں نے بھی یہاں raise کئے ہیں۔

**سید اقبال حیدر:** اور بہت سارے خدشات ہیں کہ local fisheries industry ہے اور جو عام مچھیرا ہے وہ بہت خوف محسوس کر رہا ہے کہ اس ایک کمپنی کو بہت بڑی تعداد میں fishing rights دیئے گئے ہیں۔ اس کا نام جیسے انہوں نے بتایا' اس سے وہ خوف زدہ ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی جالب صاحب۔

**RE: PRESENCE OF ABOUT 100 TROLLER LAUNCHES OF FORBES AND CO. IN THE BALOCHISTAN COASTAL AREA BEFORE EVEN SUBMISSIONS OF THE FEASIBILITY REPORT FOR THE AWARD OF CONTRACT.**

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب والا! میں نے اس کے لئے جو تیاری کی ہے وہ ایک گھنٹہ کی تقریر کی ہے۔ میرے پاس وہ تمام چیزیں موجود ہیں۔ جناب میں ابھی تقریر نہیں کررہا ہوں۔ میری ان سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کی discussion ہوئی ہے۔ میرے پاس Forbes کمپنی کی تمام confidential reports ہیں جو ان کے پاس نہیں ہیں۔ یہ میں اپنے ساتھ لایا ہوں۔ ان کی تمام mapping' ان کا تمام سسٹم۔ اصل میں بنیادی طور پر گیارہ سو کلومیٹر کو ہمایوں اختر نے فروخت کر دیا ہے' حکومت پاکستان کو اس کا پتہ بھی نہیں ہے۔

جناب والا! اس میں جو سب سے بڑا مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ MOU,s sign ہوا ہے' feasibility رپورٹ بننے والی ہے لیکن prior to feasibility report سو multi purpose ٹرالر لانچز کے لائسنس کا مسئلہ ہے۔ ان ٹرالروں نے already پورے ساحل پر navigation شروع کر دی ہے۔ ان کا قیام 45 days تک سمندر میں ہے۔ اس کی پوری tonnage 430 ton ہے۔ ان میں مکمل وائرلیس سسٹم ہے۔ ان کا four system ہے۔ میں نے ان کے documents جن پر انہوں نے خود لکھا ہے کہ confidential ہے' وہ ہمارے ہاتھ لگ گئے ہیں۔ میں ان کے ساتھ بھی گیا تھا۔ ایک طرف تو وہ کہتے ہیں کہ پورے ملک میں ہم بہت کچھ کہتے ہیں لیکن دوسری طرف ہم نے بیچ دیا ہے۔ پھر دلچسپ بات یہ ہے کہ MOU میں انہوں نے کہا ہے کہ وہ بلوچستان گورنمنٹ سے زمین مارکیٹ ریٹ پر خرید لیں گے۔ یعنی امریکی Ms.Frobes کمپنی پاکستان کی زمین خرید لے گی۔ ساحل سمندر سے ہمارے لوگوں کو بے دخل کیا جائے گا۔ خشکی پر سے بھی

پھر ہمیں کہیں گے کہ پہاڑوں کی طرف جائیں تو جناب ہم پہاڑوں کی طرف کہاں جائیں۔ وہ راس کوہ ہی رہ جاتا ہے جہاں radiations کا خطرہ ہے۔ اس لئے میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اب یہ اہم ایشو ہے۔ اگر ابھی آپ اس کو شروع کریں گے تو اس پر کافی بحث ہو گی کیونکہ اس سے national security بھی وابستہ ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی وٹو صاحب۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو:** جناب والا! پوزیشن یہ ہے کہ MOU sign ہوا تھا 28 فروری 1998 کو اور اس کے بعد بلوچستان کی طرف سے اعتراضات کئے گئے، جس کے بعد جو agreement sign ہوا، 4-7-98 کو، اس میں پھر بلوچستان کے متعلق یہ فیصلہ کیا گیا کہ یہ صرف بلوچستان کے متعلق نہیں ہو گا، وہ feasibility رپورٹ دیں۔ بلوچستان کے اعتراضات کو مدنظر رکھتے ہوئے، feasibility جب آئے گی تو پھر یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ بلوچستان کے متعلقہ علاقے میں بنانے کی اجازت دی جائے یا سندھ کے علاقے میں بنانے کی اجازت دی جائے۔ ایک بات میں مزید عرض کروں گا کہ یہ تو ابھی premature ہے۔

**جناب چیئرمین:** یعنی ابھی feasibility رپورٹ نہیں آئی ہے جو آنی تھی جنوری 1999 کو۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو:** ایک دفعہ مجھے بات تو مکمل کرنے دیں۔ یہ تھا کہ feasibility report تین جنوری کو آنی تھی، جو نہیں آئی۔ ان کی طرف سے یہ اعتراض آیا ہے کہ ہم نے دس لائسنس ایشو کرنے کے لئے وزارت خوراک سے مانگے تھے، وہ چونکہ ہمیں نہیں ملے، اس لئے ہم feasibility report نہیں دے سکے۔ Chairman Board of Investment سے اس سلسلے میں وہ بات کر کے آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دو تین دن کے بعد بورڈ کی میٹنگ ہو رہی ہے۔ وہ اس کا فائنل فیصلہ کریں گے کہ آیا ان کو feasibility کے لئے مزید وقت دینا ہے یا نہیں۔ میرے خیال میں یہ مناسب ہو گا کہ اس پر اگر تفصیلی بحث کی ضرورت ہو تو اگلے اجلاس میں کر لی جائے۔ اگر فرض کر لیں کہ بورڈ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ وہ انہیں feasibility کی extention نہیں دیتا تو پھر یہ مسئلہ ہی حل ہو جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** نہیں اس طرح کیوں نہیں کر لیتے، کیونکہ یہ کافی تفصیل کی بات ہے، ان کے کچھ خدشات ہیں، انہوں نے study کی ہوئی ہے۔ وہ ہم اگلے اجلاس میں لے لیتے ہیں۔ In the mean time اگر کمیٹی کی میٹنگ میں یہ ساری چیزیں discuss ہو جائیں، چیئرمین صاحب آجائیں، یہاں کے ہمارے ممبر ہوں، سامنے بات ہو جائے کہ جی کیا مسئلہ ہے۔ کیا خیال ہے آپ کا، بورڈ میٹنگ کب ہو رہی

ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو:** انہوں نے کہا ہے کہ تین چار دنوں کے اندر ہو گی۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** چیئرمین صاحب! جو سب سے پریشان کن مسئلہ ہے ۔ دیکھیں بات صاف کرنی چاہیے۔ اس مسئلے میں خود ہمایوں اختر بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس میں اصل دلچسپی Investment Board کے چیئرمین کی ہے جناب۔

**جناب چیئرمین:** یہ ساری باتیں ان کے ساتھ میٹنگ میں ہو جائیں اور کمیٹی میں ہو جائیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں۔ تجویز یہ ہے کہ جب تک اس پر مکمل discussion نہیں ہوتی وہ اپنی میٹنگ نہ کریں کیونکہ وہ اپنی میٹنگ میں فائنل کر دیں گے۔ میرے پاس تمام date-wise documents ہیں۔ گورنمنٹ آف بلوچستان نے انہیں متنبہ کیا کہ آپ نہیں کر سکتے، چیف سیکریٹری نے انہیں کہا۔

**جناب چیئرمین:** نہیں ، دیکھیں ناں اب پتہ نہیں اجلاس کب ہوتا ہے۔ کسی طریقے سے ان سے ملاقات ہو جائے۔ کچھ سینیٹر ان کے سامنے بیٹھ کے بات کر لیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** یا جناب چیئرمین صاحب ایک ہاؤس کمیٹی ہو۔

**جناب چیئرمین:** ہاؤس کمیٹی تو ہے ۔ آپ کی کمیٹی جو اس سے متعلقہ ہے، فوڈ اینڈ ایگریکلچرل کی۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** نہیں جناب چیئرمین! ہاؤس کمیٹی ہو۔

**جناب چیئرمین:** آپ کو بلالیں گے اس میں۔ چونکہ آپ نے یہ issue raise کیا ہے۔ آپ کو بلا کے ، آپ ہی اس کے محرک ہونگے۔ آپ آئیں، سامنے بات کریں۔ discuss ہو جائے۔ مقصد تو یہی ہوتا ہے ناں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** مگر ایک عرض یہ ہے کہ یہ چونکہ اہم قومی مسئلہ ہے، یہ صرف بلوچستان کا نہیں ہے جناب۔ اس کے لیے سپیشل ہاؤس کمیٹی بنائی جائے، جو اس پہ خاص۔۔۔

**جناب چیئرمین:** نہیں خاص کمیٹی ہے ۔ سٹینڈنگ کمیٹی آپ کی اپنی کمیٹی ہے۔ آپ کی

کمیٹی already موجود ہے۔ اس میں یہ ہے کہ آپ شاید نہیں ہوں گے تو آپ کو بلا لیتے ہیں اس میں۔ چیئرمین کون ہے اس کمیٹی کا۔ ایگریکلچرل کمیٹی کا چیئرمین کون ہے؟

**میاں عبدالستار لالیکا:** سینیٹر جہانگیر بدر۔

**جناب چیئرمین:** جہانگیر بدر صاحب چیئرمین ہیں۔ آپ کو اس کے اندر بلا لیں اور جو بھی دلچسپی رکھتے ہیں ان کو request کر دیں کہ جی آئیں، بات چیت کریں۔ آپ کے خدشات سنیں۔ آپ کی باتیں سنیں اور اپنی بات بتائیں۔ اس کے بعد آپ بھی بہتر پوزیشن میں ہونگے کہ ہاؤس میں اگر discuss کرنا چاہتے ہیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب ایک التجا یہ ہے کہ یہ جو بورڈ کا مسئلہ کہہ رہے ہیں ناں کہ تین چار دن میں finalise کریں گے۔ یا تو یہ ہو کہ حکومت یہ assurance دے کہ یہ مسئلہ finalise نہ ہو۔ جیسے وہ فرما رہے ہیں کہ ابھی تک ابتدائی سٹیج میں ہے، وہ یہ فائنل نہ کریں۔ دیکھیں جی ، اگر فائنل کر لیا تو پھر ہمارے لیے مسئلہ ہے۔

ایک دن تو اس پر بحث کے لیے ہو۔ سارے ممبران اس پہ بولیں کیونکہ یہ ایک قومی مسئلہ ہے صرف بلوچستان کا نہیں ہے۔ جیسا کہ آپ نے خود فرمایا کہ ایک دن اس کے لیے ہم رکھیں گے۔ یہ ٹھیک ہے ہمیں آپ سے اتفاق ہے۔ اس وقت ہمیں حکومت کی طرف سے assurance ملے کہ یہ فائنل نہیں ہوگا۔ اگر بورڈ کہتا ہے کہ finalize ہو گیا ہے تو پھر ہم کیا کریں گے۔ جب تک یہ ہمیں مطمئن نہ کریں، معزز ایوان کو اور خاص طور پر بلوچستان میں جو تشویش ہے اس حوالے سے، یہ جب تک ہمیں مطمئن نہیں کرتے تو اس کو فائنل نہ کریں جناب۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** اگر وہ میری بات پورے طور پہ مہربانی فرما کے سن لیں ۔ اس کے بعد یہ چیز کہاں آ رہی ہے کہ بورڈ کی میٹنگ میں وہ فائنل فیصلہ کر لیں گے۔ ابھی تو feasibility رپورٹ کمپنی کی طرف سے نہیں آئی۔

اب بورڈ نے پہلے تو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ feasibility کی اجازت دینی ہے انہوں نے یا نہیں۔ اگر وہ اجازت ہی نہیں دیتے تو معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ اگر وہ اجازت دیتے ہیں تو صرف feasibility آئیگی ان کے پاس۔

**جناب چیئرمین:** ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ ابھی وہ stage نہیں آئی۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ عرض یہ ہے کہ اگر feasibility میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے میں ہمیں یہ contract دیا جائے تو اس وقت بلوچستان کی گورنمنٹ سے اور ان کے نمائندوں سے یہاں بھی بات ہو سکتی ہے۔ بیشک یہاں discussion کر لیں لیکن ابھی میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ board نے فیصلہ کرنا ہے کہ ان کو مزید feasibility کی میعاد دی جائے یا نہ دی جائے۔ اگر وہ فیصلہ دیتے ہیں کہ feasibility کے لئے ان کو میعاد نہیں دیتے تو معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ اگر feasibility میں وہ بلوچستان کے لئے کرتے ہیں یا دوسرے کے لئے تو اس وقت معاملہ یہاں پر زیر بحث لایا جا سکتا ہے۔ ابھی تو بہت کچھ ہونے کے بعد وہ stage آئے گی جس چیز کے بارے میں میرے فاضل دوست خدشہ ظاہر کر رہے ہیں۔ ابھی وہ مسئلہ نہیں ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ ایک اور مسئلہ ہے assurance دیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب دیکھیں بات بالکل simple ہے۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ ابھی تک معاملہ ابتدائی stage میں ہے تو آپ کو اس معزز ایوان کو assurance دینے میں کون سا مسئلہ ہے کہ جناب یہ طے نہیں ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین۔ وہ یہی کہہ رہے ہیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب ایسا نہیں کہہ رہے ہیں۔ جناب وہ کمیٹی کا الفاظ استعمال کر رہے ہیں۔ وہ یہ فرما رہے ہیں، وزیر صاحب یہ فرما رہے ہیں" کہ feasibility ہو پھر feasibility کے بعد اگر فرض کریں کہ وہ بلوچستان کا فیصلہ کریں تو پھر بلوچستان حکومت سے رابطہ کیا ہے"۔ اگر آپ ایک چیز طے کر لیتے ہیں تو ہمیں اس رابطے سے کیا دیں گے۔ جناب یہ فرمائیں۔

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ یہ فرما رہے ہیں کہ ابھی جو board کی meeting ہو رہی ہے وہ صرف اس چیز پر ہو رہی ہے کہ ان کو feasibility report پیش کرنے کی extention دی جائے کیونکہ انہوں نے-----

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب یہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین۔ میں یہ سمجھا ہوں، پھر اسے دوبارہ check کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ فرمایا

ہے کہ انہوں جنوری 1999 تک feasibility report دینی تھی، جنوری 1999 تک feasibility report نہیں آئی، کیوں نہیں آئی - وہ یہ کہتے ہیں کہ اس لئے نہیں آئی کہ آپ نے ہمیں 10 fishing licences دینے تھے، وہ آپ نے نہیں دیئے، اس لئے ہم report مکمل نہیں کر سکے۔ بلیدی صاحب بیٹھیں بات تو سن لیں۔ please بیٹھ جائیں میں بات کر رہا ہوں، سن لیں میری بات - ان کا یہ کہنا ہے، اگر میں غلط کہتا ہوں تو please, contradict me۔ وٹو صاحب یہی بات ہے ناں؟

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ جی ہاں۔

جناب چیئرمین۔ وہ licences نہیں ملے۔ لہذا delay کر دیا - اب board یہ فیصلہ کرے گا کہ کیا ہم ان کو feasibility report پیش کرنے کا مزید وقت دیں یا نہ دیں۔ اگر مزید وقت دیتے ہیں تو پھر پہلے feasibility report کے لئے وقت دیں گے، بعد میں اس پر final ہو گا۔ ابھی جو board کی next meeting ہو رہی ہے اس میں وزیر صاحب کے بیان کے مطابق final نہیں ہو رہا ہے۔ صرف یہ معاملہ زیر غور آئے گا کہ ان کو feasibility report پیش کرنے کی اجازت دی جائے یا نہ دی جائے۔ Ruling والی بات نہیں ہے۔ یہ House کی proceeding کا معاملہ نہیں ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ یہ دوبارہ اس مسئلے کو چھیڑ بھی نہیں سکتے ہیں کیونکہ بلوچستان High Court کی اس پر judgement موجود ہے۔ ان کے پاس judgement ہے پڑھ کر سنائیں۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ بلوچستان High Court نے یہ فرمایا ہے، اگر آپ اجازت دیں تو میں بلوچستان High Court کی judgement پڑھ دوں۔

جناب چیئرمین۔ پڑھ دیں، پڑھ دیں۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ ایک صاحب، جناب حسن وڈیلا، انہوں نے High Court کو move کیا۔ High Court نے اس پر یہ observe کیا ہے

"The honourable Court , after detailed hearing , have disposed of the petition with the remarks that the interests of Balochistan Government and other fishermen may be looked after, if the project is to be located in Balochistan province".

ہم کہتے ہیں کہ ہم حاضر ہیں۔ اگر بلوچستان میں وہ locate ہوا تو بلوچستان گورنمنٹ اور وہاں کے مقامی

مچھیروں کے حقوق کا ہر لحاظ سے تحفظ کیا جائے گا۔ یہ میں اس House کو عرض کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ بلیدی صاحب کی بھی بات سن لیں وہ پریشان ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ لیکن یہ ابھی premature ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب چیئرمین صاحب! جب ہماری حکومت کو اطلاع بھی نہیں دی گئی ہے، وہاں کے لوگوں کو اعتماد میں بھی نہیں لیا ہے، تو وہ board کی meeting کیوں کرتے ہیں۔ پھر board کی meeting وہ cancel کریں۔ ایک جگہ کو وہ feasible بنا کے ہمارے گلے میں رسی ڈالیں گے، پھر دوبارہ ہم اپنے آپ کو کیسے چھڑائیں گے۔ یہ board کی meeting اس وقت تک cancel کریں جب تک کہ ہم لوگوں کو اعتماد میں نہ لیں۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ یہ بلوچستان کے لئے interference ہے۔ میری عرض یہ ہے کہ یا میٹنگ میں ہمارے تین بندوں کو شامل کیا جائے۔ یہ جو میٹنگ ہو رہی ہے اس میں بلوچستان کے سینیٹرز کو شامل کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ جو Board of Investment ہوتا ہے اس میں تو بورڈ کے ممبر ہی آتے ہیں۔ آپ کو میں نے کہا ہے کہ آپ کی میٹنگ قائمہ کمیٹی کے ذریعے ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب کمیٹی کی باتوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔

جناب چیئرمین۔ پوچھنے کی بات نہیں ہوتی، آپ کے کچھ خدشات ہیں، سامنے بات ہو گی۔ آپ اپنی بات کریں گے وہ اپنی بات بتائیں گے۔ کم از کم آپ کو پتہ چلے گا اس کے بعد آپ کو کوئی نہیں روکتا، دیکھیں فرض کریں آپ کی میٹنگ ہو جاتی ہے اس کے بعد آپ کو کوئی روک نہیں سکتا چاہے آپ سیشن میں بات کریں، چاہے آپ ایوان میں بات کریں، چاہے آپ ہائی کورٹ میں بات کریں، چاہے آپ پبلک میں بات کریں۔ یہ تو آپ کی انفارمیشن کے لئے ہو گی کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب والا! اس پر کل صبح مکمل بحث کریں۔

جناب چیئرمین۔ کہاں بات کریں،

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ اس مسئلے کو کل صبح لے لیں۔

جناب چیئرمین۔ کس طریقے سے، کون بحث کرے، کہاں کرے۔ یہ تو سیشن ہی آج ختم ہو رہا ہے تو یہاں کیسے بات کریں گے۔ آپ کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ بہترین طریقہ یہ ہے اگر یہ مان جائیں کہ آپ اپنی قائمہ کمیٹی کی کل ہی میٹنگ بلا لیں۔ اس میں وزیر صاحب کو بلائیں ان کے نمائندوں کو بلائیں ان سے بات چیت کریں۔ وہ آپ کے خدشات سنیں ان کی بات آپ سنیں۔ اگر آپ مطمئن نہیں ہوتے تو آپ کو کوئی روک نہیں سکتا، آپ ہائی کورٹ جائیں، سیشن بلائیں، پبلک بیان دیں، جلسہ کریں، جلوس نکالیں، جو مرضی ہے کریں آپ کو کون روکتا ہے۔ میٹنگ کا مطلب صرف اتنا ہے کہ آپ کی بات اگلا سن کر آپ کو جواب دے۔ اگر آپ مطمئن نہیں ہوتے تو جو آپ کرنا چاہیں کر سکتے ہیں، کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ آپ اس مسئلے کو سینٹ میں اٹھائیں۔

جناب چیئرمین۔ آپ وہ بات کر رہے ہیں جو میرے اختیار میں نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ آپ رولنگ دیں۔

جناب چیئرمین۔ آپ بیان دیں کہ ان کو نہیں کرنا چاہیے۔ آپ کو کون روکتا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ ہم اس کو اس ایوان کے ذریعے لائے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ ایوان کے تھرو مجھے stay order کا اختیار ہے؟

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ آپ وزیر کو بتائیں۔

جناب چیئرمین۔ کس طرح بتاؤں، کس اختیار کے تحت، مجھے بتائیں کہ میرے پاس کون سا اختیار ہے کہ میں کہہ دوں کہ آپ یہ نہ کریں۔ آپ request کر سکتے ہیں، ان کو کہہ سکتے ہیں، آپ ان کو زور سے کہہ سکتے ہیں، نہیں مانتے تو بیان دیں، جلسہ جلوس کریں، ہڑتال کریں یہ ساری چیزیں آپ کے پاس ہیں۔ ہائیکورٹ سے stay order لے لیں، سپریم کورٹ چلے جائیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ وہ تو ہم کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ یہ ہاؤس ہے کوئی عدالت تو نہیں ہے کہ میں stay order جاری کر دوں۔ آپ کے پاس جو اختیارات ہیں وہ آپ کے اپنے ہیں۔ آپ کی ایک سیاسی حیثیت ہے۔ کمیٹی کا ایک طریقہ

میں نے آپ کو بتایا ہے وہ بڑا موثر طریقہ ہوتا ہے کہ آپ بات کریں کہ آپ کیوں یہ کر رہے ہیں۔ اس کا یہ نقصان ہے' ان کی بات سنیں۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔** ہم سمجھتے ہیں کہ ہم جلوس نہ نکالیں ۔ اگر وہ افہام وتفہیم سے ہماری بات سنیں اور اس پر ایکشن لے لیں ۔ ہمیں وہ کیوں مجبور کرتے ہیں کہ ہم جلوس نکالیں۔

**جناب چیئرمین۔** میں اس کا آپ کو طریقہ بتا رہا ہوں اور کون سا طریقہ ہے ۔یہی طریقہ میں آپ کو بتا رہا ہوں اس کے بعد آپ کو کوئی نہیں روک سکتا کہ آپ ایوان میں ڈسکس کرنا چاہیں تو پچاس ہزار بار کریں آپ کو کون روکتا ہے ۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب چیئرمین! ہم نے اس سلسلے میں ایک motion move کی ہے۔ آپ کو پتہ ہے اس پر اب بحث ہونے والی ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں ہم اس پر بحث شروع کردیں۔

**جناب چیئرمین۔** بے شک شروع کریں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** لیکن اگر آپ next پر رکھنا چاہتے ہیں تو اعلان کریں ۔

**جناب چیئرمین۔** آپ اپنی convenience دیکھ لیں۔ آپ بحث کرنا چاہتے ہیں تو میں بیٹھا ہوں' یہاں حاضر ہوں۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب والا! میں عرض کروں گا کہ میں نے بار بار بات کو دہرایا ہے اور آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ساری چیز ابھی premature ہے اب ہم جتنی بھی بحث کریں گے ۔ وہ hypothetical questions کو پہلے خود سوال بنائیں گے کہ یہ فلاں کو دے رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** وہ کہتے ہیں ابھی ہم بالکل نہیں دے رہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب چیئرمین ! اس وقت انہوں نے feasibility report سے پہلے M.O.Us پر جو دستخط کئے تھے اس میں انہوں نے کہا تھا----

**جناب چیئرمین۔** اگر آپ کے پاس ایم او یوز ہے تو مجھے دکھائیں۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب چیئرمین ! ایم او یوز کوئی چیز نہیں ہے اس کے بعد agreement میں بھی مختلف چیزیں ہیں ۔ contract اس کے بعد ہونا ہے یعنی feasibility report

کے بعد ۔ یہ تو یوں ہے کہ سوال پیدا ہوتا ہے ۔ سوال ابھی پیدا ہی نہیں ہوا۔ اگر اس بورڈ میں وہ فیصلہ کر دیتے ہیں کہ ہم اجازت نہیں دیتے تو بات ختم ہو جاتی ہے ۔

(مداخلت)۔

**جناب چیئرمین** ۔ پہلے جو معاملہ زیر بحث ہے وہ تو ختم کریں ۔ عالی صاحب آپ کی تقریر ختم ہوگئی تھی ۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی**۔ وہ تو شروع بھی نہیں ہوئی تھی ۔ میں صرف ڈیڑھ منٹ بات کروں گا۔ جناب والا! میں ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب کی اس تجویز کی پرزور حمایت کرتا ہوں کہ سندھ کے سیلاب اور طوفان کے بارے میں ایک high powered committee بنائی جائے جس کی سربراہی سپریم کورٹ کے ایک جج کریں۔ سندھ میں منتخب سیاسی پارٹیوں کے نمائندے اس میں شامل ہوں۔ ایدھی فاؤنڈیشن کا بھی ایک نمائندہ شامل ہو۔ مناسب خیال فرمائیں تو ایک دو نمائندے حکومت کے بھی شامل ہوں۔ باقی کہنے کو بہت کچھ ہے مگر یہ مسئلہ انسانیت کا ہے۔ یہ پارٹیوں میں پھنس گیا اور ہم دوسری چیزوں میں چلے گئے۔ ممبروں نے بہت سی تجاویز دیں، بہت اچھی تقاریر کیں۔ میں سب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ اس تجویز پر اصرار کرتا ہوں جو عبدالحئی بلوچ صاحب نے پیش کی ہے۔ میں چاہوں گا کہ گورنمنٹ اس کا کوئی نہ کوئی جواب دے۔ کہ وہ کمیٹی بنانے پر تیار ہے یا آگے اس کی مرضی ہے۔ اس سے زیادہ میں نے کچھ نہیں کہنا ہے۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین** : شکریہ جناب۔ اچھا، وٹو صاحب! wind up آپ کریں گے؟

**میاں محمد یسین خان وٹو**: جناب چیئرمین! اس موضوع پر بہت سارے دوستوں نے اظہار خیال فرمایا ہے۔ بہت سی اچھی تجاویز آئی ہیں۔ بہت سی ایسی تجاویز بھی آئی ہیں جن کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ محض point scoring کے لئے تھیں۔ تو ایسی تجاویز جو صرف point scoring کے لئے تھیں انہیں تو ہم نظر انداز کرتے ہیں۔ جو واقعی اچھی اور قیمتی آراء تھیں ان سے ہم انشاء اللہ ضرور استفادہ کریں گے۔

جناب والا! سب دوستوں نے یہ ذکر فرمایا کہ یہ سندھ میں آنے والا اتنا بڑا سمندری طوفان تھا کہ اس سے پہلے ہمارے علم کے مطابق، سب کے علم کے مطابق گزشتہ پوری صدی میں اس طرح کا طوفان نہیں آیا۔ بلکہ کسی نے یہ بھی نہیں کہا کہ کبھی صدیوں پہلے بھی یہاں کوئی ایسا طوفان آیا۔ تو جناب والا! جب ایسا طوفان آئے کہ جس کے بارے میں لوگوں کو یقین ہی نہ ہو کہ اس طوفان کی یہ نوعیت ہوگی تو اس

بارے میں وہاں کے رہنے والے لوگوں کا بھی عام طور پر رویہ اس سے مختلف ہوگا۔ کیونکہ پہلے کئی دفعہ جب یہ اطلاع دی گئی کہ ایسا طوفان آنے والا ہے تو لوگ وہاں سے نہیں آئے اور اتفاق سے طوفان بھی نہیں آیا۔ ایک تو یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ مقامی لوگ اپنی جگہ کئی وجوہات کی بناء پر نہیں چھوڑ سکتے۔ ان کے مال مویشی ہوتے ہیں' ان کا سامان ہوتا ہے' ان کے بچے ہوتے ہیں اور دیگر بہت ساری چیزیں ہوتی ہیں جن کو چھوڑ کر وہ نہیں آسکتے۔

دوسرے اس مسئلہ میں اس بات پر بہت زیادہ زور دیا گیا کہ گورنمنٹ کی طرف سے توجہ نہیں دی گئی۔ جناب والا! ریڈیو اور TV پر اس سلسلے میں باقاعدہ بار بار اردو اور سندھی میں یہ اعلانات ہوتے رہے کہ ایسے طوفان کا خدشہ ہے۔ صورت یہ تھی کہ ۱۷ تاریخ کو طوفان کے بارے میں اطلاع تھی کہ ۱۵۰۰ میل کراچی سے نارتھ ویسٹ کی طرف جا رہا ہے۔ پھر اس کے بعد ۱۸ کو بھی نارتھ ہی کی طرف جا رہا تھا۔ ۱۹ کو کسی وقت وہ نارتھ ایسٹ کی طرف مڑتا ہے۔ تو اس کے بعد وقت بہت کم تھا۔ اس دوران اگر کوئی چاہے بھی تو کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ اور ابھی ممبر صاحبان نے خود ذکر فرمایا کہ وہاں پر کمیونیکیشن اور سڑکوں کا بہتر نظام نہیں ہے کہ جس کے ذریعے وہاں تک پہنچا جا سکے۔ جہاں تک لوگوں کو اطلاع دینے کا تعلق ہے تو چیف سیکرٹری کا خط میرے پاس موجود ہے۔ انتظامیہ نے یہ کوشش کی تھی کہ لوگ وہاں سے نکل جائیں لیکن لوگوں نے نکلنے سے انکار کیا۔ حکومت کی طرف سے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی نہیں ہوئی۔ جونہی اطلاع ملی' ریڈیو اور TV کے ذریعے اعلانات کئے گئے اور انتظامیہ کے ذریعے پوری کوشش کی گئی کہ عوام کو جہاں تک نکالا جا سکتا ہے' نکالا جائے لیکن لوگ وہاں سے نکلنا نہیں چاہتے تھے۔ پھر جس وقت یہ سانحہ ہو گیا تو اس کے بعد بھی حکومت نے اس کی طرف فوری اور بھرپور توجہ دی۔ ساری مقامی انتظامیہ نے' صوبے کی انتظامیہ نے' فیڈرل گورنمنٹ نے توجہ دی حتیٰ کہ وزیر اعظم صاحب خود کئی مرتبہ وہاں گئے اور انہوں نے وہاں جاکر سارے علاقے کا دورہ کیا۔ وہاں پر انہوں نے احکامات جاری کئے۔ ۵۰۰ ملین کی امدادی رقم کا اعلان کیا۔ حکومت پنجاب نے تین کروڑ روپے کا سامان دیا ہے۔ دو کروڑ روپے نقد دیا ہے۔ صوبہ سرحد نے چھ لاکھ روپے کا سامان دیا ہے۔ ڈیڑھ کروڑ کی نقد امداد کی ہے۔ صوبہ بلوچستان نے ایک کروڑ کی امداد کی ہے۔ اس کے علاوہ سعودی عرب' جاپان اور موتمر عالم اسلامی نے بھی اس سلسلے میں امداد کی ہے۔

بڑی خوشی کی بات ہے کہ عوام نے بھی اس معاملے میں بھرپور تعاون کیا ہے۔ جن لوگوں نے بھی ان لوگوں کی اس مشکل میں امداد کی ہے' ہم ان سب کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور یہی چاہئیے کہ جب کوئی قومی سانحہ ہو تو اس سانحہ کے لئے ساری قوم اکٹھی ہو۔ اس

میں کوئی کسی سیاسی رنگ ڈالے بغیر، پارٹیوں کی تقسیم میں ڈالے بغیر، یہ چونکہ ساری قوم کا مسئلہ ہے اس کو اسی حیثیت سے حل کریں۔ سندھ میں جناب کوئی تکلیف آئے، یا بلوچستان میں آئے، یا سرحد میں آئے، یا پنجاب میں آئے، جو پاکستان کا مسئلہ ہے وہ پاکستان کا مسئلہ ہے اور پاکستان کا ہر شہری ہمیں بیحد عزیز ہے۔ اس کا دکھ، ہم سب کا دکھ ہے۔

جناب والا! قدرتی آفات کے بارے میں مشکل یہ ہے کہ انسان کئی آفات کو روکنے میں ابھی تک کامیاب نہیں ہوا۔ امریکہ دنیا میں ایسا ملک ہے جس کے پاس بڑی سائنسی ترقی ہے، بڑے وسائل ہیں، لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں اکثر اوقات جب سمندری طوفان آتے ہیں، قدرتی طوفان آتے ہیں تو وہاں بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور ان سے بھی ان کا حل نہیں ہو پاتا۔ بنگلہ دیش میں ایسا ہوتا ہے، South America میں بہت سارے ممالک میں چند مہینے پہلے بہت نقصان ہوا ہے۔ قدرتی آفات کا آپ مقابلہ اس صورت میں اپنی تدبیر یا کوشش سے نہیں کر سکتے۔ اس سلسلے میں اللہ سے دعا ہی کی جا سکتی ہے۔ جب یہ مشکل آ گئی تو جو کچھ انسانی بس میں تھا اس کو حل کرنے کی حکومت نے کوشش کی ہے۔

میں ایک بات یہ بھی عرض کر دوں کہ ہر ایک چیز کے لئے کوشش کی گئی ہے۔ سڑکوں کے بارے میں مجھے ابھی میرے فاضل دوست یہاں وزیر صاحب بتا رہے تھے کہ میں وہاں گیا ہوں۔ سڑکوں کا بھی وہاں خیال کیا گیا ہے۔ صحت کے بارے میں پورا خیال کیا گیا ہے۔ ادویات دی گئی ہیں تاکہ کوئی وبائی امراض نہ ہوں اور ہر جگہ پر یہ کوشش کی جا رہی ہے۔ سروے مکمل ہونے کے قریب ہے اور ۸ تاریخ تک کے facts and figures میرے سامنے ہیں، جو نقصان ہوا ہے وہ ٹھٹھہ اور بدین دونوں اضلاع ہیں۔ ان کے villages affected ہیں 5,244 اور persons affectees ہیں تقریباً چھ لاکھ، areas affected تقریباً چودہ لاکھ ۵۳ ہزار اور crop area affected ہے تقریباً" چار لاکھ، houses damaged ہیں پینتالیس ہزار، houses demolished ہیں ۵۶ ہزار اور کل deaths اس وقت تک ہمیں reported and confirmed 176 ہیں۔ cattle heads lost ہیں 21,900 کوئی بائیس ہزار کے قریب۔ یہ نقصان ہوا ہے۔ اس وقت تک 500 million کی رقم Federal Government کی طرف سے دی جا چکی ہے۔ سندھ کی صوبائی حکومت بھی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ گورنر صاحب بھی ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں اور وزیر اعظم صاحب، آپ جناب دیکھ رہے ہیں کہ ہر دوسرے روز وہاں جا رہے ہیں۔ ہر ایک چیز کے لئے اس ہی طریقے پر کوشش کی جا رہی ہے۔ وہاں عوام کا جتنا نقصان ہوا ہے اسے ہم مکمل طور پورا کریں گے۔ ان لوگوں کی rehabilitatioin پوری کریں گے۔

میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کو ، پاکستان ، سندھ اور اس علاقے کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ جتنی رقم کی ضرورت ہو گی ان کی rehabilitation کے لئے ، حکومت انشاء اللہ اس کے علاوہ جو اب تک کر چکی ہے، وہ رقوم بھی مہیا کرے گی اور پوری کوشش کی جائے گی کہ لوگوں کے نقصان کا مداوا کیا جائے ۔ میں لہٰذا اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ بہت ساری تجاویز پانی کے نکاس کے لئے آئی ہیں، دوسری تجاویز بھی آئی ہیں۔ ان کے لئے کوشش ہو رہی ہے ۔ انشاء اللہ میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ جتنی تکالیف وہاں لوگوں کو پہنچی ہیں انشاء اللہ ہم ان کا پورا مداوا کریں گے ۔ اس میں پیسے کی کمی کو کسی صورت میں رکاوٹ نہیں بننے دیں گے۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین۔** شکریہ جی۔ جی جناب اقبال حیدر صاحب ،

**سید اقبال حیدر۔** شکریہ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا کہ پرسوں ہندوستان کے وزیر اعظم نے ------

**جناب چیئرمین۔** ایک منٹ ، اس سے پہلے ایک issue raise ہوا تھا۔ پہلے جو point raise ہوا تھا۔ Somebody raised the point of order regarding میرے خیال ہے رضا ربانی صاحب نے کیا تھا۔regrading PIA، وہ clarify ہو گیا ہے ۔

**میاں رضا ربانی۔** جناب وہ clarify ہو گیا ہے ۔

**جناب چیئرمین۔** ٹھیک ہے ۔جی ۔

**سید اقبال حیدر۔** جناب یہ briefly ہے ، بہت briefly ہے۔ اس کے بعد یہ لیجئے گا۔

**جناب چیئرمین۔** O.K۔ جی۔

**سید اقبال حیدر۔** جناب پرسوں آپ کو یاد ہوگا کہ ہندوستان کے وزیر اعظم نے اپنی قوم سے خطاب کرتے ہوئے ، انتہائی اشتعال انگیز زبان استعمال کرتے ہوئے یہ کہا تھا ، ایک تو وہ خطاب بار بار ٹی وی پر نشر ہوا اور کل رات بھی repeat ہوا ۔ اس کے دو تین اہم نکتے تھے کہ یہ مجاہدین ، درحقیقت اس کا بے بنیاد الزام ہے کہ وہ افواج پاکستان ہیں۔ ایک بات۔

دوسری بات اس نے کہا کہ مذاکرات کی بنیادی شرط یہ ہے کہ جب تک پاکستان ان مجاہدین کو ، جن کے بارے میں وہ انتہائی تضحیک آمیز لفظ استعمال کرتے ہیں۔ ان کو واپس نہ بلائے ، اس وقت تک

مذاکرات نہیں ہو سکتے اور ایسے کوئی مذاکرات شروع ہونے سے پہلے ختم ہو جائیں گے اگر پاکستان نے ہندوستان کی اس شرط کو تسلیم نہیں کیا۔ تو کل دوپہر کو ایک بجے کے قریب اس ایوان کو بتایا گیا کہ ہندوستان نے ۱۲ جون کو تاریخ کا تعین کر دیا ہے ۔ انہوں نے پاکستان کے وزیر خارجہ سے بات کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس دوران میں کیا ہوا ہے کہ مسلسل مقبوضہ کشمیر میں بدترین تشدد ہو رہا ہے ۔ وہ بدترین کارروائی کر رہے ہیں جس کو ٹی وی پر بی بی سی پر ساری دنیا دیکھ رہی ہے اور کنٹرول لائن کی 11 خلاف ورزیاں ہندوستان نے اس ہفتے میں کی ہیں۔اب اگر واجپائی صاحب سرتاج عزیز صاحب سے ملاقات کرنے کے لئے تیار ہیں۔ تو کیا حکومت پاکستان نے ان کی وہ شرط مان لی ہے کہ مجاہدین کو کارگل کے مقامات سے واپس بلا لیا جائے گا۔اگر نہیں مانی ہے تو کیا حکومت بھارت نے جو اپنی یہ بنیادی شرط مذاکرات کے بارے میں رکھی تھی۔ کیا بھارت نے اپنی اس بنیادی شرط کو واپس لے لیا ہے۔

**جناب چیئرمین۔** وہ تو دیکھیں نان، جہاں تک بھارت کا سوال ہے اس کا جواب تو بھارت ہی دے سکتا ہے ۔پاکستان کی طرف سے یہ دے دیتے ہیں۔اب انہوں نے کیا کیا ہے ۔

**سید اقبال حیدر۔** پاکستان کا جواب میں مانگتا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** چلیں پاکستان کا سن لیں ۔ آپ لمبی بات نہ کریں ۔ ایجنڈے پر آئٹم ہے۔۔

**سید اقبال حیدر۔** جناب ایک آخری جملہ، ایک آخری جملہ۔

**جناب چیئرمین۔** آپ کی بات سمجھ آ گئی کہ آپ یہ وضاحت چاہتے ہیں کہ کیا ہندوستان نے اپنی شرط withdraw کر لی ہے ۔ وہ یہ بیان نہیں دے سکتے۔ کیا پاکستان نے شرط مان لی ہے ۔ اس کا جواب دے دیں ۔

**سید اقبال حیدر۔** کن شرائط پر۔۔۔

**جناب چیئرمین۔** دیکھیں یہ ساری تفصیل تو نہیں بتا سکتے۔یہ بتائیں کہ شرط مان لی ہے ۔

**میاں محمد یسین خان وٹو۔** جناب کل انہوں نے خود فرمایا تھا کہ واجپائی صاحب نے یہ کہا ہے اور پھر گفتگو کے دروازے، بات چیت کے بند کر دیئے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔نہیں، آپ نے یہی فرمایا تھا۔ اب میں یہ عرض کرتا ہوں ۔۔۔

جناب چیئرمین۔آپ بتائیں ناں کہ آپ کی کیا پوزیشن ہے۔ کوئی شرط مانتے کو تیار ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔میں عرض کروں کہ اگر انہوں نے یہ کہا ہے کہ ان کی یہ شرائط ہیں اور اس کے بعد خود انہوں نے invite کیا کہ ۱۲ تاریخ کو آ جائیں تو پھر اس سے یہی presumption کی جا سکتی ہے کہ معاملہ گفتگو کا جو ہے وہ کھلا ہے۔ کوئی اس میں شرائط نہیں ہیں۔اس میں وہ غیر مشروط بات تھی۔

جناب چیئرمین۔آپ کی طرف سے کوئی شرط نہیں مانی گئی۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ہماری طرف سے کوئی شرط نہیں مانی گئی۔

جناب چیئرمین۔ او۔کے۔جی clear ہو گیا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ یہ غیر مشروط ملاقات ہو گی اور situation کو defuse کرنے کے لئے' clear کرنے کے لئے کیا اقدامات ہو سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ 12 تاریخ کو جا رہے ہیں اور اس سے پہلے کل چین جا رہے ہیں۔ آج کی خبر یہ ہے کہ the Foreign Minister is going to China tomorrow before going to India, he is going to China tomorrow and he will be back on Friday. ہاں جی۔آج کی خبر ہے۔

سید اقبال حیدر۔ آج کی خبر ہے کہ سیالکوٹ کے بارڈر پر بھارتی فوج نے کچھ پیش قدمی کی ہے کچھ اخبارات نے شائع کیا ہے۔

Mr. Chairman: Now, we come to the" Forbes" issue which is on the agenda. O.K

جی یہ موشن move کر دیں۔یہ Forbes کا ہے۔جی کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

now, items on the agenda, we have taken it up and finished this matter.

جی فرمائیے جی۔ Forbes کا adjournment motion move کر دیں۔

## ADJOURNMENT MOTION

### RE: US $.460 M INVESTMENT AGREEMENT BETWEEN THE GOVERNMENT OF PAKISTAN & M/S FORBES AND COMPANY IS AGAINST THE INTERESTS OF PAKISTAN.

**Mr. Habib Jalib Baloch:** I beg to move that normal business of the House be suspened and the following motion be taken into consideration immediately:

" U.S $ 460 million investment agreement between Government of Pakistan and M/s Forbes and Company for deep sea fishing at Gwadar."

As this agreement is highly destructive for the people of Balochistan and is also against the interests of Pakistan, I move that the normal business of the House be suspended and the above matter be taken into consideraton at once.

**Mr. Chairman:** Is it opposed? Yes it is opposed.

جی فرمائیں کیا بات ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ** - جناب چیئرمین، میں چاہتا ہوں کہ اس پر میں آج brief پیش کروں - چونکہ جب commenced ہو گا تو اس میں پھر تفصیلی بات کروں گا۔

**جناب چیئرمین** - نہیں، یہ معاملہ آگیا اور شروع ہوگیا ہے - آپ نے جو بات کرنی ہے کریں -

**جناب حبیب جالب بلوچ** - ٹھیک ہے جی - جناب چیئرمین، حکومت پاکستان کا امریکی کمپنی Forbes and Company Arodia and Island Corporation کے ساتھ گوادر Deep Sea 'Port یعنی گوادر deep sea fishing کے حوالے سے جو $ 460 million کا جو معاہدہ اس وقت شدید اختلاف کی نظر ہوگیا جب انہوں نے بلوچستان کی گورنمنٹ کو نہ ہی فریق بنایا اور نہ ہی trilateral agreement بنا بلکہ یہ bilateral agreement بنا between Hamayun Akhtar Chairman

Board of Investment اور M/S Forbes and Company کے درمیان ۔ اس دوران جب یہ ہو رہا تھا تو اس وقت کی BNP led Government کو جب اعتماد میں نہیں لیا تو اس وقت کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ متعلقہ کمپنی کے ساتھ جو MOUs پر دستخط کئے گئے ہیں ، ہمیں چونکہ اعتماد میں نہیں لیا گیا ، ہمیں شدید اعتراضات ہیں ۔ اور اس اعتراض کو آج میں quote کرنا چاہتا ہوں ۔ اس معاہدے سے Forbes Company کی پاکستان کی مچھلی کے وسائل پر مکمل اجارہ داری قائم ہوگی اور مقامی ماہی گیری کو شدید زک پہنچے گا ۔ یہ معاہدہ پاکستان کے Flora and Fauna کو تیزی سے prosecute کرے گا اور پاکستان کی biodiversity کو ناقابل تلافی نقصان پہنچائے گا ۔ لوکل آمدنی اس سے شدید متاثر ہوگی ۔ ایسے معاہدات کے نتیجے میں انڈیا اور فارایسٹ کے آبی حیات کی مکمل نسل کشی ہوئی ہے ، تاریخی تجربہ بتاتا ہے ۔ مگر 30.7.98 کو اس کے جواب میں سبز باغ دکھائے گئے ۔ اس طرح بی این پی نے اپنے جولائی کے سیشن میں بعد ازاں مرکزی کمیٹی کے اجلاسوں ، بلوچستان نیشنل موومنٹ اور صوبائی اسمبلی کے اپنی قرارداد 17.10.98 کو اور even گورنر آف بلوچستان نے مورخہ 14.8.98 کے خط میں اس مسئلے پر دوبارہ گورنمنٹ آف پاکستان سے کہا کہ اس کو دوبارہ revive کریں ۔ بلوچستان خصوصاً ساحل بلوچستان کے چار لاکھ نفوس کے مفادات اور تحفظات کو مدنظر رکھیں ۔ امریکی کمپنی Forbes کے ساتھ گوادر پسنی deep sea fishing کے ساتھ معاہدہ کیا ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ جی وہ سب کو پتہ ہے ۔ آپ اعتراض بتا دیں ۔ اگر وہ معاہدہ پڑھنے لگیں گے تو دو گھنٹے پڑھنے میں لگ جائیں گے ۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ پڑھ نہیں رہا جی ۔ آپ ذرا تحمل کریں ۔

جناب چیئرمین ۔ دیکھیں ناں یہ جو چیزیں ہیں آپ کے سوالات میں بھی آ چکی ہیں ۔ اخبارات میں آچکی ہیں ۔ آپ صرف یہ بتائیں کہ اس پر اعتراض کیا ہے ۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ نہیں جناب میں پڑھ نہیں رہا ۔ اگر وقت کم ہے تو پھر اس کو لے لیں گے ۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں یہ تو آپ کی مرضی ہے ۔ میں نے تو آپ کے کہنے پر آج یہ رکھا ہے ۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ اگلی دفعہ لیں تو پھر اگلی دفعہ لے لیں گے ۔ لیکن میری تجویز اب بھی یہ ہوگی کہ آپ سب کمیٹی میٹنگ میں brief کریں ۔ آپ کو پتہ چل جائے کہ وہ کیا کہتے ہیں اور آپ کا نقطہ نظر وہ سن

لیں۔ شاید آپ وہاں اپنی بات کو بہتر طور پر پیش کرسکیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ** ۔ ٹھیک ہے آج میں very briefest پیش کروں گا اور next commenced motion پر میں پھر اپنی تفصیلی گزارشات پیش کروں گا۔

**جناب چیئرمین**۔ نہیں اس طرح نہیں ہوتا۔ یا پھر اگلی دفعہ کریں۔ چونکہ آج میں نے یہ ایک آپ کا ایڈجرنمنٹ موشن لیا ہوا ہے۔ آپ چاہتے ہیں اس کو اگلی دفعہ لے لیں، اگلی دفعہ لے لیں۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ آج بھی کروں پھر کل بھی کروں۔ آخر ہاؤس کا وقت اور چیزوں کے لئے بھی ہوتا ہے۔ آپ کیا چاہتے ہیں۔ آپ آج ختم کرنا چاہتے ہیں تو میں بیٹھا ہوں۔ اگر آپ ضروری محسوس کرتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ جناب چیئرمین، اگلی دفعہ لے لیں۔

**جناب چیئرمین**۔ ٹھیک ہے اگلی دفعہ لے لیں۔ اس سے پہلے میری پھر بھی تجویز یہ ہو گی کہ آپ کمیٹی میں اس کو پوری طرح سمجھ لیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ جناب ہم سب اس کو اگلی دفعہ لینا چاہتے ہیں۔ ہم اس پر detail سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر پورا ہاؤس بات کرے یہ صرف ہمارا مسئلہ نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین**۔ آپ جس طریقے سے بھی لائیں گے اسی طریقہ سے rule مرتب کریں گے۔ لیکن in the mean time میری تجویز یہ ہو گی کہ آپ کمیٹی میں اس معاملے کو لے کر ان کی بات سن لیں اور اپنی بات سنا دیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ ٹھیک ہے جی۔

**جناب چیئرمین**۔ تاکہ کئی خدشات ایسے ہیں جو ہو سکتا ہے کہ بے بنیاد ہوں۔ مثلاً ان کا یہ کہنا ہے کہ ہم نے کچھ نہیں کیا۔ یہ جو MOU,s ہے اس کے اندر لکھا ہوا ہے کہ agreement ہوگیا۔ آپ agreement بھی دیکھ لیں، بات کرلیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**۔ جناب چیئرمین! دو منٹ مجھے دیں، میں بعد میں اس پر تفصیلاً بات کروں گا۔ بات یہ ہے کہ جو main خدشہ ہے، جو main objection ہے وہ یہ ہے کہ Forbes Company نے جو اپنے معاہدہ کے 6,3 ماہ بعد feasibility report دینی تھی وہ نہیں دے سکا اور وہ

دیوالیہ کمپنی نکلی ۔ وہ cousin of the real Forbes Company نکلا۔ اور تیسری بات یہ ہے کہ بلوچستان کو انہوں نے اپنا فریق نہیں بنایا ' مطلب ہے اس کو اس agreement میں شامل نہیں کیا۔ چوتھی بات یہ ہے کہ انہوں نے MOU میں بھی لکھا ہے کہ ان کو hundred troller launches کے جو war head سے مسلح ہوں گے ان کو پہلے ایک سال کی اجازت دی جائے تا کہ feasibility سے پہلے یہ حکومت سروے کرے۔

جناب چیئرمین۔ یہ نہیں لکھا ہوا۔ آپ کا MOU میرے پاس ہے اس میں یہ لکھا ہوا ہے ۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ نہیں نہیں' ہے یہ جو original MOU ہے جس پر ان دونوں کے sign ہیں وہ میں آپ کو دکھاتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھ لیں اور مجھے بتا دیں کیونکہ میرے پاس بھی یہ کاپی ہے ۔ آپ پڑھ دیں کہاں لکھا ہوا ہے۔ اس میں لکھا ہوا ہے کہ they will make an obligations for hundred fishing licences which will be submitted with payment for normal licence fee. اور نیچے لکھا ہوا ہے کہ Board of Investment جو ہے وہ agree کرتا ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب hundred fishing licences کس کے لئے ہیں۔ ٹرالر کے لئے ہے۔

جناب چیئرمین۔ وہ fishing کے لئے ہوگا لیکن وہ تب ہو گا جب fishing کا agreement ہو گا۔ feasibility سے پہلے تو نہیں ہو گا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ مسئلہ یہ ہے کہ hundred launches نے اس وقت ساحل بلوچستان میں already fishing شروع کر دی ہے۔ یہی ہمارا رونا ہے کیونکہ اس سے erosion ہو رہی ہے ۔ بنیادی طور پر یہی مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا یہ کہنا ہے کہ already grant ہو چکی ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب وہ already کام کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ کیوں جی کام کر رہی ہیں۔ جی وٹو صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب میں عرض کرتا ہوں کہ جس طرح فاضل ممبر صاحب نے

فرمایا، میں اور وہ اس پر گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ discuss کرتے رہے۔ میں نے محکمہ سے اس سلسلے میں پوری confirmation لی ہے وہ کہتے ہیں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے اور وہ قطعاً کوئی مچھلی وغیرہ نہیں پکڑ رہے۔

**جناب چیئرمین۔** یعنی ان کو ابھی تک trollers کی اجازت نہیں دی گئی۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** بالکل نہیں دی گئی۔

**جناب حبیب جالب بلوچ ۔** لیکن وہ اس وقت کس طرح موجود ہیں۔ 12 کلومیٹر اور اس طرف 200 کلومیٹر nautical miles میں وہ کس طرح گھوم رہے ہیں، کس کی اجازت سے گھوم رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** جالب صاحب یہی سوال آپ کیوں نہیں ان سے کمیٹی میں پوچھتے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب ہمارے لوگ وہاں احتجاج کر رہے ہیں کہ یہ troller launch ہمارے ماہی گیروں نے دیکھا ہے۔ آپ نے ان کو لائسنس نہیں دیا لیکن وہ کیوں گھوم رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** آپ کیوں نہیں کمیٹی میں پوچھتے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب کونسی کمیٹی۔

**جناب چیئرمین ۔** یہی Food and Agriculture Committee کے چیئرمین کو request کرتے ہیں کہ meeting بلالیں ۔ آپ کو، حئی صاحب کو اور جو بھی اس میں آنا چاہیں آئیں اور میں ان سے request کروں گا کہ اس میں Board of Investment کے چیئرمین آئیں اور سامنے بات ہو کہ کیا ہے۔ what's wrong with them.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب یہ ہم نے fishing کے ڈائریکٹر جنرل سے پوچھا ہے اور اس نے کہا ہے کہ وہ کوئی fishing نہیں کر رہے۔

**جناب چیئرمین ۔** بہرحال یہ بات سامنے ہو جائے گی۔ Committees کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ ۔** جناب چیئرمین ! بات یہ ہے کہ hundred troller

launchesجو ہیں اس میں اور بھی launches ہیں وہ جو Deep Sea Fishing کرتے ہیں وغیرہ۔ لیکن بنیادی جو problem ہے یہ جو war head والے troller launches ہیں ان کے نقشے بھی خود انہوں نے دیئے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** پھر وہی بات ہو گئی۔ آپ کہہ رہے ہیں دیئے ہیں اور وہ کہہ رہے ہیں دیئے ہی نہیں ہیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** یہ جھاڑو پھیر رہے ہیں، یہ ہمارے ماہی گیروں کی نسل کشی کر رہے ہیں۔ یہ 12 miles کی حد میں آ گئے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ وہاں پھر رہے ہیں اور وہ کہتے ہیں نہیں پھر رہے۔ میں بار بار آپ سے کیا کہہ رہا ہوں۔ اس کو کیسے verify کیا جائے؟

**جناب رفیق احمد شیخ۔** بجائے اس کے کہ اس میٹنگ کو اسلام آباد میں بلائیں بلکہ اس میٹنگ کو گوادر میں بلائیں اور ان کو دکھانے کے لئے لے جائیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** ہم دکھائیں گے۔ لوگ وہاں احتجاج کر رہے ہیں، جلسے جلوس ہو رہے ہیں۔ WWF کی رپورٹ موجود ہے۔ Wild Life کی رپورٹ موجود ہے اس پر۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب چیئرمین، جو آپ فرما رہے ہیں کمیٹی کی بات ہے وہ بھی درست ہے۔ گورنمنٹ یہ فرما رہی ہے کہ وہاں لانچز نہیں ہیں۔ یا ہم نے لائسنس نہیں دیئے۔ تو اس ایوان میں یہ یقین دہانی کرائیں ہم سب کو، اس معزز ایوان کو کہ وہاں جو سو ٹرالرز کیبات ہو رہی ہے، کیا جب لائسنس نہیں دیئے گئے تو وہ غیرقانونی طور پر وہاں موجود ہیں؟ پھر اگر وہ غیر قانونی طور پر وہاں موجود ہیں تو یہ ہمارے Water Rights کے خلاف ہے۔

**جناب چیئرمین۔** پہلی بات تو یہ ہے کہ وہاں موجود ہیں کہ نہیں ہیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب مجھے میری بات مکمل کرنے دیں۔ جیسے وزیر صاحب نے فرمایا کہ اس طرح کے کوئی ہم نے ان کو Fishing Licence نہیں دیئے۔ ہمارے بلوچستان کے جو لوگ fishing کرتے ہیں یہ ان کی بات ہے، ہم بھی ان کی بات کرتے ہیں، ہم تو نہیں جاتے سمندر پر۔ ان کی بات یہ ہے کہ یہ بڑے بڑے ٹرالر جو ہیں وہ وہاں موجود ہیں۔ تو ہم ان سے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اگر لائسنس

نہیں ہیں تو ہم آپ کی بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ لائسنس نہیں دیئے۔ تو یہ جو سو ٹرالرز وہاں غیر قانونی طور پر موجود ہیں ۔ آپ یہ یقین دہانی کرائیں کہ ان کو وہاں سے نکالیں گے ۔ جیسے ہمارے water rights ہیں تو وہ وہاں کیا کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین**۔ دیکھیں پہلی چیز تو یہ ہے کہ وہاں موجود ہیں کہ نہیں ۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ ہیں اور وہ کہہ رہے ہیں کہ نہیں ہیں ۔ اس کو verify کیسے کیا جائے ۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ اس کا آسان حل یہ ہے جناب ہم تو کوئی اور بات نہیں کر رہے ہیں، ہماری بات یہ ہے کہ یہ معزز ایوان میں assurance دیں کہ لائسنس والے کوئی نہیں ہیں جیسے انھوں نے فرمایا اور یہ سو ٹرالرز یا اس سے زیادہ ہیں یہ ہمارے water rights کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ہم ان کو وہاں سے نکالیں گے ۔

**جناب چیئرمین**۔ دیکھیں یہ بات کہ موجود ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ نہیں ہیں اس کو verify کیسے کیا جائے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ یہ لائسنس نہیں ہیں کا کہتے ہیں، دوسرے کا نہیں کہتے ۔میں آپ کو عرض کروں ۔ میری گزارش سنیں میں ایک بات آپ سے کہتا ہوں ۔ ایسا ہے کہ ہمارے بلوچستان اور پورے ساحل میں یہ مشہور بات ہے کہ غیر قانونی ٹرالر ہیں یہ آج کی بات نہیں ہے یہ پرانی بات ہے شروع سے ہے جناب ۔

**جناب چیئرمین**۔ اس وقت جو بات ہو رہی ہے وہ ٹرالر کی نہیں .Frobes and Co کی بات ہو رہی ہے۔ اگر کوئی ایسے غیر قانونی کر رہا ہے وہ تو بات نہیں ہو رہی ہے ۔ اس وقت یہ بات ہو رہی ہے کہ کیا .Frobes and Co کے ٹرالر وہاں پر کام کر رہے ہیں ۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ وہاں پر already وہ operate کر رہے ہیں ۔ حکومت کی جانب سے جواب آ رہا ہے کہ نہیں کر رہے ہیں۔ اب اس کو verify کیسے کیا جائے ۔ کہ اصل بات کیا ہے ۔ اصل بات یہ ہے کہ اگر آپ میٹنگ کر لیں کمیٹی کے سامنے اور اس کے بعد کوئی physical طریقہ نکالیں کہ وہاں موقعے پر جا کر دیکھتے ہیں۔ کچھ تو پتہ چلے کیوں کہ حکومت کا یہ موقف ہے کہ نہیں ہیں ۔ تو پھر ان کو کہیں کہ چلیں ہم گوادر لے چلتے ہیں آپ کو، اس سے پہلے میٹنگ تو کریں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**۔ گوادر میں ہم کہتے ہیں P&D کا اور Food کا مشترکہ اجلاس بلا

لیں۔

جناب چیئرمین۔ پہلے آپ ان سے میٹنگ کریں اگر آپ کی بات وہ نہیں مانتے آپ کہتے ہیں کہ وہاں پر سو ٹرالرز ہیں۔ حکومت کہتی ہے نہیں ہیں۔ پھر سوال پیدا ہو گا کہ اچھا جی آپ کو وہاں لے جا کر دکھاتے ہیں۔ تو پہلے میٹنگ تو کریں۔ پہلے ان کی بات سنیں۔ ہوسکتا ہے آپ کی بات مان لیں کہ ہاں جی ہیں وہاں پر۔ بات ختم ہو جائے گی کہ ہیں۔ پھر کیوں ہیں جی آپ سوال پوچھ سکتے ہیں۔ آپ کی اطلاع کے مطابق آپ کو fishermen نے اطلاع دی ہوگی۔ آپ کی اطلاع کے مطابق وہاں پر ہیں حکومت کہتی ہے نہیں ہیں۔ آپ کہیں جی اچھا چلیں گوادر چلتے ہیں وہاں جا کر دیکھتے ہیں۔ تو بات ہوئی، کوئی بات طریقے سے تو کریں۔ اس کے لئے ایک میٹنگ کریں

Jehangir Badar Sahib is not here, so I think what we can do is, you can consult the Secretary of the Committee, you can consult Jehangir Badar

ایک مناسب date رکھ دیں in the next two three days

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین، میں یہ کہہ رہا ہوں جالب صاحب سے معذرت کے ساتھ کہ two, three days شاید possible نہ ہو within this week

جناب چیئرمین - as early as possible میٹنگ رکھ لیں اس میں you call all the concerned.

میاں رضا ربانی۔ معذرت کے ساتھ میں آپ کی بات کاٹ رہا ہوں یہ گوادر میں رکھیں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں As a first step یہاں رکھیں اگر کوئی physical verification کی بات ہوئی تو پھر گوادر چلیں۔ دیکھیں، پہلے یہاں رکھ لیں، بات سنیں اپنی بات سنائیں اس کے بعد اگر verification کرنی ہے تو گوادر چلے جائیں۔

میاں رضا ربانی۔ جناب double expenditure ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں ہوگا، پہلے وہ طریقہ follow کریں جو normal طریقہ ہے۔ آپ پہلے یہاں بات پوچھیں اگر کوئی اختلاف آتا ہے physical مثلاً یہ کہتے ہیں کہ وہاں پر ٹرالر ہیں، وہ کہتے ہیں

نہیں ہیں' وہ کہتے ہیں جی go to Gawadar

میاں رضا ربانی۔ جناب ! اگر آپ میری بات سن لیں تو میں عرض کرتا ہوں کہ ابھی اس بارے میں میری وٹو صاحب سے بھی بات ہوئی ہے اور میں اسی لئے آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ اختلاف ہو گا۔ وٹو صاحب فرما رہے تھے کہ ابھی matter finalize نہیں ہوا کیوں کہ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے ہمیں دس ٹرالرز کے لائسنسز feasibility کے لئے ایشو کرنے تھے ' ان دس ٹرالرز کے لائسنسز آپ نے ہمیں issue نہیں کئے ' لہٰذا ' ہم feasibility تین جنوری تک نہیں دے سکے ' اس پیریڈ کو آپ extend کریں۔

جناب والا! اب ان کا کہنا یہ ہے کہ ہم نے licences issue نہیں کئے ہیں there are no trollers which are in the sea. معزز سینیٹرز کا کہنا یہ ہے and I support Senator Iqbal Haider because I saw on TV BBC's world film myself ماہی گیروں کا کہنا یہ ہے کہ trollers already یہاں پر موجود ہیں اور انہوں نے اپنا کام شروع کیا ہوا ہے۔جناب والا! یہ بنیادی فرق اور تضاد میٹنگ کے اندر آئے گا۔

جناب چیئرمین۔ آنے دیں' اگر آجائے گا تو کل آپ وہاں گوادر چلے جائیں۔

میاں رضا ربانی۔ جب پہلے سے ہی we know کہ آئے گا تو ہم سیدھا گوادر کیوں نہ جائیں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں ' آپ پہلے meeting کرلیں ' اگر تضاد آتا ہے تو دوسرے دن یا تیسرے دن ادھر چلے جائیں۔ First thing we will do what is most convenient, یہاں پر چیئرمین بھی ہیں ' یہاں پر منسٹری بھی ہے ' یہاں پر افسر بھی ہیں ' یہاں پر سینیٹ کا سٹاف بھی ہے اور ممبرز بھی ہیں ۔ آپ meeting کرلیں ' کوئی بات آتی ہے تو I will assit you in going to Gawadar. پہلی meeting آپ یہاں پر کرلیں ۔ اگر کوئی مسئلہ آتا ہے تو پھر دوسرے دن وہاں کرلیں۔ رضا صاحب you will coordinate this کہ within the next week یہ ہو جائے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب ! پہلے ان سے طے تو کرلیں کہ meeting کہاں کرنی ہے ۔ جناب! I can not annoy my friends. وہ جہاں مجھے کہیں گے میں وہاں meeting کروں گا۔

جناب چیئرمین۔ جب یہاں پر سب کچھ ہے تو پہلے یہاں meeting کرنے میں کیا حرج ہے ۔اس طرح کرتے ہیں کہ آپ میرے پاس chamber میں آجائیں and we will discuss it in

the Chamber.

جناب حبیب جالب بلوچ- جناب والا! یہ میرا commenced motion جاری رہے گا اور میری speech بھی جاری رہے گی۔

جناب چیئرمین- یہ پھر دیکھیں گے اور جو قانون ہو گا اس کے مطابق ہو گا۔

In exercise of powers conferred by Clause 3 of Article 54 read with Article 61 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Chairman, Senate has been pleased to prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on Wednesday, 9th June, 1999.

Sd/-

( Wasim Sajjad )

Chairman

(The House was then prorogued sine die)